5277 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَدُورُ رَحَى الْإِسْلَامِ عَلَى رَأْسِ خَمْسٍ وَثَلَاثِينَ أَوْ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ، أَوْ سَبْعٍ وَثَلَاثِينَ، فَإِنْ يَهْلِكُوا فَبِسَبِيلِ مَنْ هَلَكَ، وَإِنْ بَقُوا بَقِيَ لَهُمْ دِينُهُمْ سَبْعِينَ عَامًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام کی چکی پینتیس، چھتیس یا سینتیس سال کے آخر تک گھومتی رہے گی۔ اگر وہ ہلاک ہوگئے تو مرنے کی راہ یہی ہے' اگر باقی رہے تو ان کا دین ۷۰ سال تک باقی رہے گا۔

5278 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا فَرْقَدٌ السَّبَخِيُّ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ يَزِيدَ، أَنَّهُ سَمِعَ مَسْرُوقًا، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، - لَعَلَّهُ قَالَ - : عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنِّي كُنْتُ نَهَيْتُكُمْ عَنْ زِيَارَةِ الْقُبُورِ فَزُورُوهَا، وَنَهَيْتُكُمْ أَنْ تَحْبِسُوا لُحُومَ الْأَضَاحِي فَوْقَ ثَلَاثٍ فَاحْبِسُوا، وَنَهَيْتُكُمْ عَنْ هَذِهِ الظُّرُوفِ فَانْتَبِذُوا فِيهَا، وَاجْتَنِبُوا كُلَّ مُسْكِرٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تم کو قبروں کی زیارت سے منع کرتا تھا۔ اب ان کی زیارت کیا کرو۔ میں تم کو منع کرتا تھا کہ قربانی کے گوشت روکنے سے تین دن سے زیادہ اب روک لیا کرو۔ میں تم کو منع کرتا تھا ان برتنوں میں پینے سے اب پی لیا کرو اور ہر نشہ دینے والی چیز سے بچو۔

5279 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَيْفَ تَعْرِفُ مَنْ لَمْ تَرَ مِنْ أُمَّتِكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: هُمْ غُرٌّ مُحَجَّلُونَ بُلْقٌ مِنْ آثَارِ الْوُضُوءِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: اے اللہ کے رسول! آپ نے اپنے جس اُمتی کو دیکھا ہی نہیں ہے تو قیامت والے دن' اسے کیسے پہچانیں گے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی پیشانیاں چمک رہی ہوں گی' وضو کے اثر سے ان کے اعضاء روشن ہوں گے۔

5277- الحديث سبق برقم: **5259,4988** فراجعه .

5278- الحديث فى المقصد العلى برقم: **630** .

5279- الحديث سبق برقم: **5026** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

5280 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ أَبِي فَزَارَةَ، عَنْ أَبِي زَيْدٍ - مَوْلَى عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ - ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْلَةَ الْجِنِّ: هَلْ عِنْدَكَ طَهُورٌ؟ ، قَالَ: لَا، إِلَّا شَيْئًا مِنْ نَبِيذٍ فِي إِدَاوَةٍ، فَقَالَ: هَاتِهِ، تَمْرَةٌ طَيِّبَةٌ، وَمَاءٌ طَهُورٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لیلۃ الجن (جنوں والی رات) میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تیرے پاس وضو کا پانی ہے؟ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کوئی چیز نہیں سوائے کھجور کے جوس کے' جو ایک برتن میں ہے۔ پس آپ نے فرمایا: لاؤ! کھجور پاکیزہ ہے اور پانی پاک ہے۔

5281 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: أَلَا أُصَلِّي بِكُمْ صَلَاةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِهِمْ فَلَمْ يَرْفَعْ يَدَيْهِ إِلَّا مَرَّةً

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: خبردار! میں تم لوگوں کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جیسی نماز پڑھاتا ہوں' پس آپ رضی اللہ عنہ نے ان کو نماز پڑھائی لیکن پوری نماز میں صرف ایک ہی بار کانوں تک ہاتھ اُٹھائے (یعنی شروع میں)۔

5282 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ طَلْحَةَ، عَنْ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا أُسْرِيَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، انْتَهَى إِلَى سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى- وَهِيَ فِي السَّمَاءِ السَّادِسَةِ- وَإِلَيْهَا يَنْتَهِي مَا يُصْعَدُ بِهِ مِنَ الْأَرْضِ، فَيُقْبَضُ مِنْهَا، وَإِلَيْهَا يَنْتَهِي مَا يَهْبِطُ مِنْ فَوْقِهَا، فَيُقْبَضُ مِنْهَا : (إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ) (النجم:16) مَا يَغْشَى، قَالَ: فِرَاشٌ مِنْ ذَهَبٍ ، قَالَ: فَأُعْطِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ خِلَالٍ: الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ، وَخَوَاتِيمُ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، وَغُفِرَ لِمَنْ لَا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سیر کرائی گئی۔ آپ سدرۃ المنتھیٰ تک پہنچے۔ وہ چھٹے آسمان پر ہے۔ اس تک پہنچتی ہے جو کچھ زمین سے بلند ہوتا ہے۔ اس سے قبض کیا جاتا ہے جو کچھ اس کے اوپر سے نیچے آتا ہے' اس کی انتہاء بھی یہی مقام ہے۔ پس اس میں سے لے لیا جاتا ہے: ''اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ'' اس کا فرش سونے کا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو تین تحفے دیئے گئے: پانچ نمازیں' سورۃ بقرہ کا آخری رکوع۔ اس کو بخش دیا جائے گا جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت سے۔

5280- الحديث سبق برقم:**5024** فراجعه .

5281- الحديث سبق برقم:**5018** فراجعه .

5282- أخرجه أحمد جلد**1** صفحه**387** رقم الحديث:**3665** وجلد**1** صفحه**422** رقم الحديث:**4011** .

Marfat.com
Marfat.com

يُشْرِكُ بِاللّٰهِ مِنْ أُمَّتِهِ الْمُقْحِمَاتُ

5283 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي قُبَّةٍ مِنْ أَدَمٍ فِي نَحْوٍ مِنْ أَرْبَعِينَ رَجُلًا، فَقَالَ: إِنَّكُمْ مَفْتُوحٌ عَلَيْكُمْ مَنْصُورُونَ وَمُصِيبُونَ، فَمَنْ أَدْرَكَ ذَلِكَ مِنْكُمْ فَلْيَتَّقِ اللّٰهَ، وَلْيَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ، وَلْيَنْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَلْيَصِلْ رَحِمَهُ وَمَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ وَمَثَلُ الَّذِي يُعِينُ قَوْمَهُ عَلَى غَيْرِ الْحَقِّ كَمَثَلِ بَعِيرٍ فِي بِئْرٍ فَهُوَ يَنْزِعُ مِنْهَا بِذَنَبِهِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا' اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم چمڑے کے ایک خیمہ میں تشریف فرما تھے' تقریباً چالیس آدمی تھے۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک تم پر دولت کے دروازے کھول دیئے جائیں گے' تمہاری مدد کی جائے گی (فتح حاصل کرو گے) اور مالِ غنیمت پاؤ گے' پس تم میں سے جو کوئی وہ زمانہ پائے تو اسے چاہیے کہ اللہ سے ڈرے' نیکی کا حکم دے' بُرائی سے روکے اور صلہ رحمی کرے اور جس نے مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ بولا' اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے اور جو آدمی ناحق اپنی قوم کی مدد کرتا ہے' اس کی مثال اس اونٹ کی ہے جو کنویں سے اپنی دُم کے ذریعے پانی کھینچتا ہے۔

5284 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ هِلَالٍ، وَقَلَّ مَا يُفْطِرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایام بیض کے تین روزے نہیں چھوڑتے تھے ہر چاند کے، فرمایا: جمعہ کے دن بھی افطار نہیں کرتے تھے' یعنی اگر ایامِ بیض جمعہ کے دن آتا تو آپ اس دن بھی رکھتے تھے۔

5285 - وَعَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: أَخَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً صَلَاةَ الْعِشَاءِ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَإِذَا النَّاسُ يَنْتَظِرُونَ الصَّلَاةَ،

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عشاء کو مؤخر کیا ایک رات پھر نکلے مسجد کی طرف۔ صحابہ کرام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتظار کر رہے

5283- الحديث سبق برقم: 5231 فراجعه .

5284- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 406 رقم الحديث: 3860 قال: حدثنا أبو النضر' وحسن :

5285- الحديث في المقصد العلي برقم: 198 .

Marfat.com
Marfat.com

فَقَالَ: إِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَهْلِ الْأَدْيَانِ أَحَدٌ يَذْكُرُ اللَّهَ فِي هَذِهِ السَّاعَةِ غَيْرُكُمْ ، قَالَ: وَأُنْزِلَتْ هَؤُلَاءِ الْآيَاتُ: (لَيْسُوا سَوَاءً مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ أُمَّةٌ قَائِمَةٌ) (آل عمران: 113) إِلَى (وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالْمُتَّقِينَ) (آل عمران: 115)

تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اہل الایمان میں سے کوئی بھی اس وقت اللہ کا ذکر نہیں کر رہا ہے تمہارے علاوہ۔ یہ آیتیں نازل کی گئی ہیں: ''لَيْسُوْا سَوَاءً الٰی آخرہٖ''۔

5286 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ٹھکانا جہنم میں بنا لے۔

5287 - وَعَنْ هَاشِمٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ مِنْ أُمَّتِي مُتَّخِذًا خَلِيلًا، لَاتَّخَذْتُ أَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر اپنی اُمت میں سے کسی کو خلیل بناتا تو میں ضرور ابوبکر کو بناتا۔

5288 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ فِي السَّفَرِ وَيُفْطِرُ، وَيُصَلِّي الرَّكْعَتَيْنِ لَا يَدَعُهَا، يَقُولُ: لَا يَزِيدُ عَلَيْهَا ؛ يَعْنِي: الْفَرِيضَةَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سفر میں روزہ کبھی رکھتے تھے، کبھی نہیں رکھتے تھے۔ دو فرضوں کو نہیں چھوڑتے تھے اور فرضوں پر اضافہ نہیں فرماتے تھے۔

5289 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے لیے مسواک لینے کے لیے اذان درخت

5286- الحديث سبق برقم: **5283,5229** فراجعه .

5287- الحديث سبق برقم: **5227,5158,5127** .

5288- الحديث فى المقصد العلى برقم: **512** .

5289- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1398** .

Marfat.com
Marfat.com

بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنْتُ أَجْتَنِي لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِوَاكًا مِنْ أَرَاكٍ، وَكَانَ الرِّيحُ تَكْفَؤُهُ، وَكَانَ فِي سَاقِي شَيْءٌ فَضَحِكَ الْقَوْمُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُضْحِكُكُمْ؟ ، قَالُوا: دِقَّةُ سَاقَيْهِ، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَهُمَا أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ مِنْ أُحُدٍ

پر چڑھا۔ ہوا چل رہی تھی اس کے ساتھ میری پنڈلی ننگی ہوگئی۔ صحابہ کرام ہنس پڑے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم کو کس نے ہنسایا ہے؟ عرض کی: انہوں نے، پتلی پنڈلی ہے۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! میزان میں ان دونوں پنڈلیوں کا وزن احد پہاڑ سے بھی زیادہ ہے۔

5290 - وَعَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنْتُ غُلَامًا يَافِعًا، وَكُنْتُ أَرْعَى غَنَمًا لِابْنِ أَبِي مُعَيْطٍ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ قَدْ فَرَّا مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَا: يَا غُلَامُ، عِنْدَكَ مِنْ لَبَنٍ تَسْقِينَا؟ ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، وَلَكِنِّي مُؤْتَمَنٌ، وَلَسْتُ بِسَاقِيكُمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَهَلْ عِنْدَكَ شَاةٌ جَذَعَةٌ لَمْ يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَاعْتَقَلَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَسَحَ الضَّرْعَ وَدَعَا، فَجَعَلَ اللَّبَنُ يَدِرُّ، وَأَتَاهُ أَبُو بَكْرٍ بِصَخْرَةٍ مُنْقَعِرَةٍ، فَحَلَبَ فِيهَا فَشَرِبَ، وَشَرِبَ أَبُو بَكْرٍ، وَشَرِبْتُ، ثُمَّ قَالَ لِلضَّرْعِ: اقْلِصْ ، فَقَلَصَ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ بَعْدَ ذَلِكَ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، عَلِّمْنِي مِنْ هَذَا الْقَوْلِ - أَوْ مِنْ هَذَا الْقُرْآنِ - قَالَ: إِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ ، وَلَكِنْ عَلَّمَنِي، فَأَخَذْتُ مِنْ فِيهِ سَبْعِينَ سُورَةً لَا يُنَازِعُنِي فِيهَا أَحَدٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں غلام تھا عقبہ بن ابی معیط کی بکریوں کو چراتا تھا۔ حضور ﷺ تشریف لائے۔ آپ ﷺ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے غلام! کیا تیرے پاس دودھ ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ لیکن امین ہوں' آپ دونوں کو پلاؤں گا نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پاس وہ بکری لاؤ۔ جو دودھ دینے والی نہ ہو۔ میں اسے لے کر آیا۔ حضور ﷺ نے اس کے تھنوں کو ڈھنگا لگایا۔ پھر اس کی کھیری کو چھونے لگے اور دعا کی۔ یہاں تک کہ دودھ اُتر آیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ایک پتھر کا برتن لے کر آئے اس میں دودھ دوہا پھر آپ ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تم پیو۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پیا۔ پھر اس کے بعد حضور ﷺ نے نوش فرمایا۔ پھر تکھیری کو فرمایا، سکڑ جا۔ وہ سکڑ گئی جس طرح پہلے تھی۔

5291 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5290- الحديث سبق برقم: **5074,4964** فراجعه .

5291- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **393** رقم الحديث: **3722** قال: حدثنا محمد' قال: حدثنا شعبة .

Marfat.com
Marfat.com

عَوْنٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيدٍ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ وَنَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ، وَقَدْ نَحَرُوا جَزُورًا فِي نَاحِيَةِ مَكَّةَ، فَبَعَثُوا فَجَاءُوا مِنْ سَلَاهَا فَطَرَحُوهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، فَجَاءَتْ فَاطِمَةُ فَطَرَحَتْهُ عَنْهُ، فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ: وَكَانَ يَسْتَحِبُّ ثَلَاثًا، قَالَ: اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ - ثَلَاثًا - بِأَبِي جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ، وَبِعُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَبِشَيْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، وَبِالْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ، وَبِأُمَيَّةَ بْنَ خَلَفَ، وَبِعُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُمْ قَتْلَى فِي قَلِيبِ بَدْرٍ - أَوْ فِي قَلِيبٍ - قَالَ أَبُو إِسْحَاقَ: وَنَسِيتُ السَّابِعَ

حضور ﷺ کعبہ شریف کے سائے میں نماز پڑھ رہے تھے۔ ابو جہل اور قریش کے لوگوں نے کہا: مکہ کی بستی سے اونٹوں کی اوجڑی لاؤ۔ انہوں نے بھیجا اوجڑی لینے کے لیے، وہ لائی گئی۔ تو آپ ﷺ کے دونوں کاندھوں کے درمیان رکھ دی۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں اور اس کو اتار کر پھینک دیا۔ جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے۔ آپ ﷺ تین کے عدد کو پسند کرتے۔ آپ ﷺ نے (ان لوگوں کے خلاف) دعا کی: اے اللہ! قریش پر تین مرتبہ ابو جہل بن ہشام پر، عتبہ بن ربیعہ پر، شیبہ بن ربیعہ پر، ولید بن عتبہ پر، امیہ بن خلف پر، عقبہ بن ابی معیط پر عذاب نازل فرما۔ عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے بدر کے کنوں میں پڑے ہوئے ان کو دیکھا (ذلیل وخوار ہوکر)۔

5292 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ الْيَشْكُرِيِّ، عَنِ الْمَعْرُورِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ: اللّٰهُمَّ أَمْتِعْنِي بِزَوْجِي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبِأَبِي أَبِي سُفْيَانَ، وَبِأَخِي مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سَأَلْتِ اللّٰهَ عَنْ آجَالٍ مَضْرُوبَةٍ، وَأَرْزَاقٍ مَقْسُومَةٍ، وَآثَارٍ مَبْلُوغَةٍ، لَا يُعَجَّلُ مِنْهَا شَيْءٌ قَبْلَ حِلِّهِ، فَلَوْ سَأَلْتِ اللّٰهَ أَنْ يُعِيذَكِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ أَوْ عَذَابِ الْقَبْرِ كَانَ خَيْرًا - أَوْ كَانَ أَفْضَلَ قَالَ:

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اے اللہ! مجھے میرے شوہر رسول اللہ ﷺ اور میرے باپ سفیان اور میرے بھائی معاویہ سے نفع دے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تو نے اللہ سے سوال کیا ہے لکھی ہوئی موتوں، تقسیم کیے ہوئے رزقوں اور ان آثار کے متعلق جو پہنچائے جا چکے ہیں، ان میں سے کوئی شی بھی اپنے وقت سے پہلے نہیں مل سکتی ہے، کاش! آپ سوال کرتیں کہ اللہ تجھے دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے اپنی پناہ عطا فرمائے تو بہتر تھا۔ یا فرمایا: زیادہ فضیلت والا تھا۔ راوی کا بیان ہے:

5292- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **125** قال: حدثنا سفيان .

Marfat.com
Marfat.com

فَذُكِرَتِ الْقِرَدَةُ- قَالَ: وَأُرَاهُ الْخَنَازِيرُ- أَكَانَ مِمَّا مُسِخَ فِي بَنِي إِسْرَائِيلَ، قَالَ: إِنَّ اللَّهَ لَمْ يُهْلِكْ قَوْمًا فَيَتْرُكْ لَهُمْ نَسْلًا وَلَا عَاقِبًا، وَقَدْ كَانَتِ الْقِرَدَةُ -وَأُرَاهُ قَالَ: الْخَنَازِيرُ- قَبْلَ ذَلِكَ

بندروں کا ذکر ہوا' فرمایا: اور آپ کو خنزیر دکھائے گئے' سوال ہوا: کیا یہ وہی ہیں جو بنی اسرائیل میں مسخ ہو گئے تھے' فرمایا: اللہ تعالیٰ جس قوم کو بھی ہلاک کرتا ہے تو اس کی نسل پیچھے باقی رکھتا ہے اور بندر ہیں اور اس سے پہلے خنزیر تھے۔

5293 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْأَعْيُنِ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ الْجُشَمِيِّ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ، حَدَّثَهُمْ أَنَّهُمْ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقِرَدَةِ وَالْخَنَازِيرِ: أَمِنْ نَسْلِ الْيَهُودِ هِيَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَلْعَنْ قَوْمًا فَمَسَخَهُمْ فَكَانَ لَهُمْ نَسْلٌ حَتَّى يُهْلِكَهُمْ، وَلَكِنَّ هَذَا خَلْقٌ كَانَ، فَلَمَّا غَضِبَ اللَّهُ عَلَى الْيَهُودِ مَسَخَهُمْ، فَكَانُوا أَمْثَالَهُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اپنے شاگردوں کو یہ حدیث سنائی کہ ان تمام نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بندروں اور سؤروں کے بارے میں سوال کیا: کیا یہ یہودیوں کی نسل سے یہی ہیں؟ تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پس اللہ تعالیٰ جس قوم کو لعنتی بناتا ہے تو ان کی شکلیں بگاڑ دیتا ہے' پس ان کی ایک نسل ہوتی ہے حتیٰ کہ اللہ انہیں ہلاک کر دیتا ہے' لیکن یہ ایک مخلوق تھی' پس جب اللہ نے یہود پر اپنا غضب فرمایا تو ان کی شکلیں بگاڑ دیں' پس وہ انہیں کی مثل تھے۔

5294 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

حضرت داؤد بن ابوفرات بھی اپنی سند کے ساتھ اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5295 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا زَائِدَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مِنْ شِرَارِ النَّاسِ مَنْ تُدْرِكُهُ السَّاعَةُ وَيَتَّخِذُ الْقُبُورَ مَسَاجِدَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدترین لوگوں میں سے وہ ہوں گے۔ جن کو قیامت کے آنے کا یقین ہے' اس کے باوجود انہوں نے قبروں کو سجدہ گاہ بنالیا۔

5293- الحديث سبق برقم: **5292** فراجعه .

5294- الحديث سبق برقم: **5293,6292** فراجعه .

5295- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **405** من طريق معاوية بن عمرو' حدثنا زائدة بهذا السند .

Marfat.com
Marfat.com

5296 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّازِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ بَشِيرًا أَبَا إِسْمَاعِيلَ، ذَكَرَهُ عَنْ سَيَّارٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ نَزَلَتْ بِهِ فَاقَةٌ فَأَنْزَلَهَا بِالنَّاسِ لَمْ تُسَدَّ فَاقَتُهُ، وَإِنْ أَنْزَلَهَا بِاللَّهِ أَوْشَكَ اللَّهُ لَهُ بِالْغِنَى: إِمَّا غِنًى عَاجِلٌ، وَإِمَّا مَوْتٌ آجِلٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جس پر محتاجی اتری، اس نے لوگوں کے سامنے اس کو بیان کیا اس کی محتاجی بند نہیں ہوگی۔ اگر اس کا معاملہ اللہ کے سپرد کر دیا تو قریب ہے اللہ اس کو غنی کر دے گا، جلدی یا پھر اس کی موت جلد آ جائے گی۔

5297 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ الْأُمَمَ عُرِضَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى عُرِضَتْ أُمَّتُهُ، فَأَعْجَبَهُ كَثْرَتُهُمْ فَقِيلَ: إِنَّ مَعَ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کئی امتیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر پیش کی گئیں یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پیش کی گئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی کثرت کو پسند فرمایا۔ عرض کی گئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ ان کے ساتھ ستر ہزار بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل ہوں گے۔

5298 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا كَانَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْبَاقِي يَهْبِطُ اللَّهُ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، ثُمَّ تُفْتَحُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ، ثُمَّ تُبْسَطُ، ثُمَّ يَقُولُ: هَلْ مِنْ سَائِلٍ؟ فَلَا يَزَالُ كَذَلِكَ حَتَّى يَطْلُعَ الْفَجْرُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تہائی رات باقی رہ جاتی ہے تو اللہ کی رحمت آسمان دنیا کی طرف آجاتی ہے۔ پھر آسمان کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں پھر اپنی رحمت کو کشادہ کرتا ہے پھر فرماتا ہے، ہے کوئی مانگنے والا۔ یہ سلسلہ طلوع فجر تک رہتا ہے۔

5299 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ

حضرت ابی الاموی جشمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

5296- أخرجه أحمد جلد 1 صفحه 389 رقم الحديث: 3696 وجلد 1 صفحه 442 رقم الحديث: 4219 .

5297- الحديث في المقصد العلى برقم: 1958 .

5298- الحديث في المقصد العلى برقم: 1689 .

Marfat.com
Marfat.com

مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْأَعْيُنِ الْعَبْدِيِّ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ الْجُشَمِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: بَيْنَمَا ابْنُ مَسْعُودٍ يَخْطُبُ ذَاتَ يَوْمٍ إِذْ هُوَ بِحَيَّةٍ تَمْشِي عَلَى الْجِدَارِ، فَقَطَعَ خُطْبَتَهُ وَضَرَبَهَا بِعُصَيَّةٍ حَتَّى قَتَلَهَا، ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ قَتَلَ حَيَّةً فَكَأَنَّمَا قَتَلَ رَجُلًا مُشْرِكًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس تھے کہ آپ رضی اللہ عنہ ایک دن خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ اچانک ایک سانپ دیوار پر چلنے لگا آپ رضی اللہ عنہ نے خطبہ چھوڑ دیا اور اس کو مار دیا یہاں تک کہ وہ مر گیا۔ پھر فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سانپ کو قتل کیا گویا اس نے کسی مشرک کافر کو مار دیا۔

5300 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ،، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ، بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

حضرت داؤد بن ابوفرات اپنی سند کے ساتھ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5301 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ ابْنِ مَسْعُودٍ لَيْلَةً بَعْدَ الْمَغْرِبِ وَهُوَ يُقْرِئُنَا الْقُرْآنَ، فَسَأَلَهُ رَجُلٌ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَسَأَلْتُمْ رَسُولَ اللَّهِ كَمْ يَمْلِكُ هَذِهِ الْأُمَّةَ مِنْ خَلِيفَةٍ؟ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: مَا سَأَلَنِي مُذْ قَدِمْتُ الْعِرَاقَ قَبْلَكَ، قَالَ: نَعَمْ، سَأَلْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اثْنَا عَشَرَ، عِدَّةَ نُقَبَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ

حضرت مسروق فرماتے ہیں: ہم ایک رات مغرب کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے جبکہ وہ قرآن پڑھ رہے تھے' پس ایک آدمی نے آپ سے سوال کیا: اے ابوعبدالرحمٰن! کیا آپ لوگوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا کہ اس اُمت میں کتنے خلیفہ ہوں گے؟ پس حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب سے میں عراق آیا ہوں (کوفہ) اس سے پہلے مجھ سے یہ سوال کسی نے نہیں کیا' فرمایا: جی ہاں! ہم نے پوچھا تھا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بنی اسرائیل کے نقیبوں کی تعداد کے برابر بارہ ہوں گے۔

5302 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ، بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

حضرت حماد اپنی سند کے ساتھ اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

5303 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

5300- الحديث سبق برقم: 5299 فراجعه .

5301- الحديث سبق برقم: 5009 فراجعه .

5302- الحديث سبق برقم: 5301,5009 فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيَلِنِي مِنْكُمْ أُولُو الْأَحْلَامِ وَالنُّهَى، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، ثُمَّ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، وَلَا تَخْتَلِفُوا فَتَخْتَلِفَ قُلُوبُكُمْ، وَإِيَّاكُمْ وَهَوْشَاتِ الْأَسْوَاقِ

کریم ﷺ نے فرمایا: پہلی صف میں میرے ساتھ وہ لوگ کھڑا ہوا کریں جن کی عقل مکمل ہوگئی ہے (چالیس سال والے) پھر جو عمر عقل میں ان کے قریب ہیں' پھر جو ان کے قریب ہیں' درمیان فاصلہ نہ چھوڑا کرو ورنہ تمہارے دلوں میں فاصلے پیدا ہو جائیں اور بازاروں کے فسادات سے بچو۔

5304 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، مِثْلَهُ

حضرت یزید بن زریع اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5305 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا لَا تَرْجِعُوا بَعْدِي كُفَّارًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرے بعد کافر نہ ہو جانا کہ تم ایک دوسرے کی گردنیں نہ مارنے لگو۔

5306 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ : (فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ) (القمر:15)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ''فَهَلْ مِنْ مُدَّكِرٍ'' کو پڑھتے تھے۔

5307 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت سلمیٰ بنت جابر رضی اللہ عنہا کا شوہر شہید ہوگیا۔ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس آئیں اور عرض

5304- الحديث سبق برقم:**5305,5089** فراجعه .

5305- الحديث في المقصد العلى برقم:**1841** .

5306- أخرجه أحمد جلد**1**صفحه**395** رقم الحديث:**3755** قال: حدثنا حجاج .

5307- الحديث في المقصد العلى برقم:**915** .

Marfat.com
Marfat.com

الْبَجَلِيُّ، عَنْ كَرِيمِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَلْمَى بِنْتِ جَابِرٍ، أَنَّ زَوْجَهَا اسْتُشْهِدَ، فَأَتَتْ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ فَقَالَتْ: يَا أَبَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، إِنَّ زَوْجِي اسْتُشْهِدَ، وَقَدْ خَطَبَنِي الرِّجَالُ، فَتَرْجُو إِنْ جَمَعَ اللَّهُ بَيْنِي وَبَيْنَهُ فِي الْجَنَّةِ أَنْ أَكُونَ مِنْ أَزْوَاجِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَا رَأَيْنَاكَ صَنَعْتَ هَذَا بِامْرَأَةٍ غَيْرَ هَذِهِ؟ قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ أَوَّلَ أُمَّتِي لُحُوقًا بِي فِي الْجَنَّةِ امْرَأَةٌ مِنْ أَحْمَسَ

کی: اے ابوعبدالرحمٰن! میرا شوہر شہید ہو گیا ہے، مجھے مردوں نے نکاح کا پیغام بھیجا ہے۔ میں نے شادی کرنے سے انکار کر دیا یہاں تک اس سے ملوں۔ مجھے امید ہے کہ اللہ اس کو اور مجھے جنت میں ملا دے گا کہ میں اس کی بیوی ہوں۔ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں۔ بعض لوگوں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! ہم نے آپ کو نہیں دیکھا یہ کرتے ہوئے کہ کسی عورت سے جس طرح آپ رضی اللہ عنہ نے اس سے کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے مجھے میری امت میں سے جنت میں وہ ملے گی وہ قبیلہ احمس سے ہوگی۔

5308 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيُّ الْأَعْمَالِ أَحَبُّ إِلَى اللَّهِ؟ قَالَ: تُصَلِّي الصَّلَوَاتِ لِمَوَاقِيتِهَا، قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ، قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ أَيٌّ؟ قَالَ: ثُمَّ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، وَلَوِ اسْتَزَدْتُهُ لَزَادَنِي

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ کے نزدیک اعمال میں پسندیدہ عمل کون سا ہے؟ فرمایا: نمازوں کو ان کے اوقات میں ادا کرنا۔ آپ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: پھر کون سا ہے؟ فرمایا: اس کے بعد والدین سے نیکی کرنا۔ میں نے عرض کی: اس کے بعد کون سا ہے؟ فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا اور اگر میں مزید سوال پہ سوال کرتا جاتا تو آپ جواب دیتے۔

5309 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان ہے، وہ دوزخ میں داخل نہ ہوگا اور جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر تکبر ہے، وہ جنت

5308- الحديث سبق برقم: 5264 فراجعه .

5309- الحديث سبق برقم: 5044,5043 فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَدْخُلُ النَّارَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ إِيمَانٍ، وَلَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنْ كِبْرٍ

میں داخل نہ ہوگا۔

5310 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنِ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، بِمِثْلِهِ

حضرت عبدالعزیز اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

5311 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِتَالُ الْمُؤْمِنِ كُفْرٌ، وَسِبَابُهُ فُسُوقٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن کو قتل کرنا کفر اور اسے گالی دینا فسق ہے۔

5312 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: أَقْرَأَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : (إِنِّي أَنَا الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِينُ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے پڑھایا: ''اِنِّیْ اَنَا الرَّزَّاقُ الٰی آخرہٖ''۔

5313 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، وَحُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَا: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ أَبِيهِ، وَعَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: أَنَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِي كُلِّ رَفْعٍ، وَوَضْعٍ، وَقِيَامٍ، وَيُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھ اوپر کرنے' نیچے کرنے اور کھڑے ہونے کے وقت تکبیر کہتے تھے' اپنے دائیں اور بائیں طرف چہرہ کرتے وقت السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہتے تھے' یہاں تک کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار مبارک کی سفیدی دیکھتا اور میں

5310- الحديث سبق برقم: **5309,5044,5043** .

5311- الحديث سبق برقم: **5097,4977,4970** فراجعه .

5312- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **394** رقم الحديث: **3741** قال: حدثنا يحيىٰ بن آدم .

5313- الحديث سبق برقم: **5079** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

شِمَالِهِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، حَتَّى أَرَى بَيَاضَ خَدَّيْهِ، وَرَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ يَفْعَلَانِ ذَلِكَ

نے حضرت ابوبکر وعمر کو بھی ایسے ہی کرتے دیکھا۔

5314 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ، عَنِ أَبِي الْأَحْوَصِ، سَمِعَهُ مِنْهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِقَوْمٍ يَتَخَلَّفُونَ عَنِ الْجُمُعَةِ: لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ رَجُلًا يُصَلِّي بِالنَّاسِ، ثُمَّ أُحَرِّقَ عَلَى رِجَالٍ يَتَخَلَّفُونَ عَنِ الْجُمُعَةِ بُيُوتَهُمْ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان لوگوں کے متعلق جو جمعہ نہیں پڑھتے۔ میں نے ارادہ کیا کہ میں کسی آدمی کو لوگوں کو نماز پڑھانے کا حکم دوں پھر ان لوگوں کے گھروں کو جلا دوں جو مسجد میں نماز نہیں پڑھتے ہیں۔

5315 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ قَالَ: لَيْسَ أَبُو عُبَيْدَةَ ذَكَرَهُ، وَلَكِنْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْأَسْوَدِ، أُرَاهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: أَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَائِطَ وَأَمَرَنِي أَنْ آتِيَهُ بِثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ، فَأَخَذْتُ حَجَرَيْنِ وَالْتَمَسْتُ الثَّالِثَ فَلَمْ أَجِدْهُ، فَأَخَذْتُ رَوْثَةً فَأَتَيْتُ بِهِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَ الْحَجَرَيْنِ وَأَلْقَى الرَّوْثَةَ، وَقَالَ: هَذِهِ رِكْسٌ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کیلئے تشریف لائے اور مجھے حکم دیا کہ میں آپ کے پاس تین پتھر لے آؤں' میں نے دو پتھر لیے' تیسرے کو تلاش کیا لیکن نہ ملا' پس میں نے گوبر اُٹھا لیا۔ پس میں وہ سب لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو پتھر لے لیے اور گوبر پھینکنے کا حکم دیا اور فرمایا: یہ پلیدی ہے۔

5316 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَاقَ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ: أَتَيْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ قَالَ: فَأُلْقِيَتْ عَلَيَّ مَحَبَّةٌ مِنْهُ، وَعِنْدَهُ شَبَابٌ، فَقَالُوا لِي: سَلْهُ

حضرت ابواسحاق شیبانی فرماتے ہیں: حضرت زر بن حبیش رضی اللہ عنہ کے پاس آیا' فرماتے ہیں: مجھ پر ان کی محبت القاء کی گئی' وہ عالمِ شباب میں تھے' لوگوں نے مجھ سے کہا: ان سے سوال کرو' ''فکان قاب قوسین او

5314- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **394** رقم الحديث: **3743** .

5315- الحديث سبق برقم: **5253,5150** فراجعه .

5316- الحديث سبق برقم: **4997,4972** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

(فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى) (النجم:9)
فَسَأَلْتُهُ، فَقَالَ: قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى جِبْرِيلَ وَلَهُ سِتُّمِائَةِ جَنَاحٍ

ادنیٰ'' پس میں نے ان سے پوچھا تو اُنہوں نے فرمایا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جبریل علیہ السلام کو دیکھا' ان کے چھ سو پَر تھے۔

5317 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ حَدَّثَهُمْ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَكُونُ فِي النَّارِ قَوْمٌ مَا شَاءَ اللَّهُ، ثُمَّ يَرْحَمُهُمُ اللَّهُ فَيَكُونُونَ فِي أَدْنَى الْجَنَّةِ، فَيُغْسَلُونَ فِي نَهَرِ الْحَيَاةِ، يُسَمِّيهِمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَهَنَّمِيِّينَ، لَوْ أَضَافَ أَحَدُهُمُ الدُّنْيَا لَأَطْعَمَهُمْ وَسَقَاهُمْ وَفَرَشَهُمْ وَلَحَفَهُمْ - وَأَحْسَبُهُ قَالَ: وَزَوَّجَهُمْ - لَا يُنْقِصُهُ ذَلِكَ شَيْئًا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اپنے شاگردوں کو حدیث سنائی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دوزخ میں ایک قوم ہوگی جو اللہ نے چاہا' پھر اللہ ان پر رحم فرمائے گا' وہ قریب کی جنت میں جائیں گے' پس انہیں نہر حیات میں غوطہ دیا جائے گا' جنتی ان کو جہنمی کہہ کر پکاریں گے' اگر ان میں سے کسی ایک کو دنیا کی نسبت دیکھا جائے تو وہ تمام دنیا والوں کو کھلا پلا سکے' ان کو چارپائی بستر دے اور میرا گمان ہے کہ فرمایا: اور ان سب کی شادیاں کرنے کی طاقت رکھے لیکن پھر اس کی جنت میں کمی نہ آئے۔

5318 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: تَحَدَّثْنَا عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَتَّى أَكْثَرْنَا الْحَدِيثَ، ثُمَّ رَجَعْنَا إِلَى أَهْلِينَا، فَلَمَّا غَدَوْنَا عَلَى نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّهَا عُرِضَتْ عَلَيَّ اللَّيْلَةَ الْأَنْبِيَاءُ بِأُمَمِهَا وَأَتْبَاعِهَا مِنْ أُمَمِهَا، فَجَعَلَ النَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الثَّلَاثَةُ مِنْ أُمَّتِهِ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الْعِصَابَةُ مِنْ أُمَّتِهِ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ النَّفَرُ الْيَسِيرُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الرَّجُلُ الْوَاحِدُ مِنْ أُمَّتِهِ،

حضرت ابن مسعود فرماتے ہیں: ایک رات ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ کر باتیں کیں حتیٰ کہ ہمارا باتوں کا سلسلہ طویل ہو گیا' پھر ہم اپنے گھر والوں کی طرف لوٹے' پس جب صبح کے وقت نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے تو آپ نے فرمایا: گذشتہ رات مجھ پر انبیاء پیش کیے گئے' ان میں سے کچھ کی اُمتیں اور ان کی پیروی کرنے والے پیش کیے گئے' پس نبیوں نے گزرنا شروع کیا' (میں نے دیکھا) ان میں سے ایک نبی علیہ السلام گزرے ان کے ساتھ ان کی اُمت کا صرف ایک آدمی تھا' ایک نبی گزرے تو ان کی قوم میں سے کوئی آدمی ان

5317- الحديث سبق برقم: 4958 فراجعه .

5318- الحديث سبق برقم: 5297 فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَا مَعَهُ مِنْ قَوْمِهِ أَحَدٌ، وَقَدْ أَنْبَأَكُمُ اللَّهُ عَنْ لُوطٍ وَقَالَ: (أَلَيْسَ مِنْكُمْ رَجُلٌ رَشِيدٌ) (هود: 78) ، قَالَ: حَتَّى أَتَى عَلَيَّ مُوسَى فِي كُبْكُبَةٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُمْ أَعْجَبُونِي، قَالَ: قُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَذَا أَخُوكَ مُوسَى بْنُ عِمْرَانَ وَمَنْ تَبِعَهُ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، قَالَ: قُلْتُ: رَبِّ فَأَيْنَ أُمَّتِي؟ قَالَ: انْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ، فَإِذَا الظِّرَابُ: ظِرَابُ مَكَّةَ، قَدْ سُدَّتْ بِوُجُوهِ الرِّجَالِ، قَالَ: قُلْتُ: رَبِّ، مَنْ هَؤُلَاءِ؟ قَالَ: هَؤُلَاءِ أُمَّتُكَ، قَالَ لِي: أَرَضِيتَ؟ قَالَ: قُلْتُ: رَبِّي، رَضِيتُ، قَالَ: قِيلَ لِي: انْظُرْ عَنْ يَسَارِكَ، فَإِذَا الْأُفُقُ قَدْ سُدَّ بِالرِّجَالِ، قَالَ: فَإِنَّ مِنْ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ ، قَالَ: فَأَنْشَأَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ أَخُو بَنِي أَسَدِ بْنِ خُزَيْمَةَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ادْعُ رَبَّكَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ: اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ ، قَالَ: فَأَنْشَأَ رَجُلٌ آخَرُ، فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ يَوْمَئِذٍ: أَرْجُو أَنْ يَكُونَ مَنْ تَبِعَنِي مِنْ أُمَّتِي رُبُعَ أَهْلِ الْجَنَّةِ ، قَالَ: فَكَبَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: أَرْجُو أَنْ تَكُونُوا الثُّلُثَ ، قَالَ: ثُمَّ كَبَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: أَرْجُو أَنْ تَكُونُوا الشَّطْرَ ثُمَّ قَرَأَ : (ثُلَّةٌ مِنَ الْأَوَّلِينَ وَثُلَّةٌ مِنَ الْآخِرِينَ) (الواقعة: 40) ، فَذَكَرَ لَنَا أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ تَرَاجَعُوا بَيْنَهُمْ فَقَالَ: مَا تَرَوْنَ أَتَرَوْنَ عَمَلَ هَؤُلَاءِ السَّبْعِينَ الَّذِينَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ لَا

کے ساتھ نہ تھا' حضرت لوط علیہ السلام کے بارے میں اللہ نے تمہیں یوں آگاہ کیا' فرمایا: ''کیا تم میں سے عقل مند آدمی کوئی نہیں ہے''۔ فرمایا: یہاں تک کہ موسیٰ علیہ السلام میرے پاس اس حال میں آئے' پس جب میں نے انہیں دیکھا تو اُنہوں نے مجھے پسند کیا۔ میں نے کہا: یہ کون ہیں؟ فرمایا: یہ آپ کے بھائی موسیٰ بن عمران اور وہ ہیں بنی اسرائیل میں سے جوان کی پیروی کرنے والے ہیں۔ فرماتے ہیں: میں نے کہا: اے میرے رب! میری اُمت کہاں ہے؟ فرمایا: اپنی دائیں جانب دیکھو! میں نے دیکھا تو پہاڑ کی مانند نظر آئی جیسے مکہ کے پھیلے ہوئے پہاڑ' لوگوں کے چہروں سے ڈھکے ہوئے تھے۔ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: اے میرے رب! یہ کون ہیں؟ فرمایا: یہ آپ کی اُمت ہے۔ مجھ سے فرمایا: کیا آپ راضی ہیں؟ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: اے میرے رب! میں راضی ہوں' فرماتے ہیں کہ مجھ سے کہا گیا: اپنی بائیں طرف دیکھو! اچانک میری نگاہ پڑی تو کنارے لوگوں سے بھر چکے تھے۔ فرمایا: ان میں سے ستّر ہزار بلاحساب و کتاب جنت میں داخل ہوں گے۔ بنواسد بن خزیمہ قبیلے کے عکاشہ بن محصن نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میرے لیے اپنے رب سے دعا کریں کہ میں ان میں سے ہوں۔ ایک اور بندے نے عرض کی: میرے لیے رب سے دعا کریں کہ میں ان میں سے ہوں۔ پس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عکاشہ تم سے سبقت لے گیا۔ راوی کا بیان ہے: پھر اس دن

Marfat.com
Marfat.com

حِسَابَ عَلَيْهِمْ حَتَّى صَيَرُوهُمْ أَنَّهُمْ نَاسٌ وُلِدُوا فِي الْإِسْلَامِ، ثُمَّ لَمْ يَزَالُوا حَتَّى مَاتُوا عَلَيْهِ ، قَالَ فِيمَا حَدَّثَهُمْ حَتَّى بَلَغَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَيْسَ كَذَلِكَ وَلَكِنْ هُمُ الَّذِينَ لَا يَكْتَوُونَ، وَلَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُونَ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ، قَالَ: وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوْمَئِذٍ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ - فِدَاكُمْ أَبِي وَأُمِّي - أَنْ تَكُونُوا مِنَ السَّبْعِينَ فَكُونُوا مِنَ السَّبْعِينَ، فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ، فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الظِّرَابِ، فَإِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُونُوا مِنْ أَهْلِ الْأُفُقِ، فَإِنِّي رَأَيْتُ عِنْدَهُ نَاسًا يَتَهَوَّشُونَ كَثِيرًا

فرمایا: مجھے اُمید ہے' میری اُمت سے میری اتباع کرنے والے' تمام جنتیوں کا چوتھا ہوں گے۔ راوی کہتا ہے: ہم سب نے اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' پھر آپ ﷺ نے فرمایا: میں اُمید کرتا ہوں کہ تہائی ہوں گے۔ راوی کا بیان ہے: ہم نے پھر اللہ اکبر کا نعرہ لگایا' پھر آپ نے فرمایا: مجھے اُمید ہے کہ تم ایک بہت بڑا حصہ ہو گے' پھر آیت پڑھی: ''ثلة من الاوّلين الىٰ آخره''۔ پس آپ ﷺ نے ہمارا ذکر فرمایا کہ مؤمنین میں سے کچھ لوگ ہوں گے جو ایک دوسرے کے پاس آئیں جائیں گے' پس وہ فرمائے گا: تم کیا دیکھتے ہو کیا ان لوگوں کے اعمال دیکھتے ہو جو جنت میں جائیں گے کہ ان پر حساب بھی نہ ہو گا' حتیٰ کہ وہ سمجھیں گے کہ یہ ایسے لوگ ہیں جو اسلام میں پیدا ہوئے' پھر مسلسل مسلمان رہے حتیٰ کہ ان پر موت آ گئی۔ کہا: آپس میں یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ تک بات پہنچ گئی۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: اس طرح نہیں ہے لیکن یہ وہ لوگ ہیں جو داغتے نہیں ہیں' چوری نہیں کرتے' بُری فال نہیں لیتے اور خود پر ہی بھروسہ کرتے ہیں۔ راوی کا بیان ہے: اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس دن اگر تم طاقت رکھو (تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں!) کہ تم بھی اس ستّر ہزار میں سے ہو تو ہو جاؤ' اگر تم عاجز ہو اور کوتاہی کرو تو پہاڑ والوں میں سے ہو جاؤ اور اگر تم عاجز ہو اور کوتاہی کرنے والے ہو تو پہاڑ والوں میں سے ہو جاؤ کیونکہ میں نے اس کے پاس ایسے لوگ ملاحظہ کیے جو بہت زیادہ ایک دوسرے سے ملے جلے

Marfat.com
Marfat.com

ہوئے تھے۔

5319 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْأُمَمُ بِالْمَوْسِمِ، فَرَأَيْتُ أُمَّتِي، ثُمَّ رَأَيْتُهُمْ فَأَعْجَبَنِي كَثْرَتُهُمْ وَهَيْئَتُهُمْ قَدْ مَلَأُوا السَّهْلَ وَالْجَبَلَ، فَقَالَ: رَضِيتَ يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: إِنَّ لَكَ مِنْ هَؤُلَاءِ سَبْعِينَ أَلْفًا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ، هُمُ الَّذِينَ لَا يَسْتَرْقُونَ وَلَا يَكْتَوُونَ وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ ، فَقَامَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَدَعَا لَهُ، ثُمَّ قَامَ آخَرُ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حج کے دنوں میں مجھ پر ساری اُمتیں پیش کی گئیں تو میں نے اپنی اُمت کو دیکھا پھر میں نے ان کو دیکھا تو ان کی کثرت اور شکل نے خوش کر دیا' اس طرح کہ انہوں نے ہموار جگہ اور پہاڑوں کو بھر دیا تھا۔ اللہ نے فرمایا: اے محمد! کیا آپ خوش ہیں؟ فرماتے ہیں: میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: بے شک آپ کے لیے ان میں سے ستّر ہزار بغیر حساب کے جنت میں جائیں گے' یہ وہ لوگ ہیں جو چوری نہیں کرتے' داغتے نہیں اور اپنے رب پر ہی بھروسہ کرتے ہیں' پس حضرت عکاشہ بن محصن اُٹھ کھڑے ہوئے اور عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان میں سے بنا دے' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کیلئے دعا کی' پھر ایک دوسرا آدمی کھڑا ہوا' عرض کی: اے اللہ کے رسول! اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ مجھے ان میں سے بنا دے' تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عکاشہ تجھ سے سبقت لے گیا ہے۔

5320 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ النَّزَّالَ بْنَ سَبْرَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَجُلًا يَقْرَأُ آيَةً سَمِعْتُ خِلَافَهَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: میں نے ایک آدمی کو ایک آیت پڑھتے ہوئے سنا لیکن میں نے سنا کہ اس نے وہ آیت اس کے خلاف تلاوت کی جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی تھی' فرماتے ہیں: میں اس کا ہاتھ پکڑ کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا' پس آپ صلی اللہ

5319- الحديث سبق برقم: **5318,5297** فراجعه .

5320- الحديث سبق برقم: **5240** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

وَسَلَّمَ، قَالَ: فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ فَأَتَيْتُ بِهِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كِلَاكُمَا مُحْسِنٌ ،- قَالَ شُعْبَةُ: وَأَظُنُّهُ - قَالَ: لَا تَخْتَلِفُوا، فَإِنَّ مَنْ قَبْلَكُمُ اخْتَلَفُوا فِيهِ فَهَلَكُوا

نے فرمایا: دونوں درست ہیں۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میرا گمان یہ ہے کہ آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا: اختلاف نہ کیا کر کیونکہ تم سے پہلے لوگوں نے اللہ کی کتاب میں اختلاف کیا تو وہ ہلاک ہوئے۔

5321 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُنْصَبُ لِكُلِّ غَادِرٍ لِوَاءٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُقَالُ: هَذِهِ غَدْرَةُ فُلَانٍ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر دھوکہ باز پر قیامت کے دن اس کی پشت پر جھنڈا لگایا جائے گا اس پر لکھا ہوگا یہ فلاں دھوکہ باز ہے۔

5322 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، أَوْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي أَصَبْتُ امْرَأَةً فِي الْبُسْتَانِ، فَأَصَبْتُ مِنْهَا كُلَّ شَيْءٍ غَيْرَ أَنِّي لَمْ أَنْكِحْهَا، فَافْعَلْ بِي مَا شِئْتَ، فَلَمْ يَقُلْ لَهُ شَيْئًا، فَذَهَبَ، ثُمَّ دَعَاهُ فَقَرَأَ عَلَيْهِ : (أَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِنَ اللَّيْلِ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ذَلِكَ ذِكْرَى لِلذَّاكِرِينَ) (هود: **114**)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' عرض کی: میں نے باغ میں ایک عورت سے زنا کرلیا ہے' پس میں نے اس سے یہ سب کچھ بغیر نکاح کے کیا ہے' میرے ساتھ جو چاہیں سلوک فرمائیں (حد لگائیں) پس رسول کریم ﷺ نے اس سے کوئی بات نہ کی۔ پس وہ چلا گیا' پھر آپ ﷺ نے اسے بلایا اور اس پر یہ آیت پڑھی: ''نماز قائم رکھو دن کے دونوں کناروں اور کچھ رات کے حصوں میں' بے شک نیکیاں بُرائیوں کو مٹا دیتی ہیں' یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لیے''۔

5323 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: لَعَنَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے لعنت فرمائی سود کھانے وکھلانے، گواہ اور لکھنے والوں پر۔

5321- اخرجه أحمد جلد **1** صفحه **411** رقم الحديث: **3900** قال: حدثنا عفان .

5322- الحديث سبق برقم: **5218** فراجعه .

5323- الحديث سبق برقم: **4960** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبَا، وَمُوكِلَهُ، وَشَاهِدَيْهِ، وَكَاتِبَهُ

5324 - وَبِهِ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ رِبْعِيٍّ الْأَسَدِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ تمہارا صاحب اللہ کا دوست ہے۔

5325 - وَحَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِتَالُ الْمُسْلِمِ أَخَاهُ كُفْرٌ، وَسِبَابُهُ فُسُوقٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے مسلمان بھائی کو قتل کرنا' کفر اور اسے گالی دینا فسق ہے۔

5326 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا سَيْفُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو مَعْمَرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَخْبَرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التَّشَهُّدَ كَفِّي بَيْنَ كَفَّيْهِ كَمَا يُعَلِّمُنِي السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ: التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِينَ، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ وَهُوَ بَيْنَ ظَهْرَانَيْنَا، فَلَمَّا قُبِضَ قُلْنَا: السَّلَامُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا گیا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تشہد سکھایا جیسے قرآن کی سورت سکھاتے تھے' اس حال میں کہ میری ہتھیلی آپ کی دونوں ہتھیلیوں کے درمیان تھی: ''التحیات للّٰہ والصلوات والطیات الیٰ آخرہ'' اس طرح پڑھتے تھے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے اندر موجود تھے' پس جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا تو ہم نے ''السلام علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم'' کہا۔

5324- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **395** رقم الحديث: **3750** قال: حدثنا أبو الوليد' قال: حدثنا أبو عوانة .

5325- الحديث سبق برقم: **5311** فراجعه .

5326- الحديث سبق برقم: **5060** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

5327 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ يَرْفَعُهُ قَالَ: الرِّبَا وَإِنَّ كَثُرَ فَإِنَّ عَاقِبَتَهُ تَصِيرُ إِلَى قُلٍّ

مرفوع روایت میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سود اگر چہ زیادہ ہی ہو تو اس کا انجام کمی ہی ہوگا۔

5328 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،- أَوْ قَالَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ،- رَفَعَهُ قَالَ: الرِّبَا وَإِنْ كَثُرَ فَإِنَّ عَاقِبَتَهُ تَصِيرُ إِلَى قُلٍّ

مرفوع حدیث ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سود خواہ زیادہ ہو تو اس کا انجام لوٹ کر کمی کی طرف آئے گا۔

5329 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَسَدِيُّ قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، عَنْ هُزَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبَا وَمُوكِلَهُ، وَالْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُولَةَ، وَالْمُحِلَّ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی سود کھانے اور کھلانے والے پر، حلالہ کرنے اور کروانے والے پر بھی۔

5330 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ الْمُشْرِكِينَ شَغَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ عَنْ أَرْبَعِ صَلَوَاتٍ حَتَّى ذَهَبَ مِنَ اللَّيْلِ مَا شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: ثُمَّ أَمَرَ بِلَالًا فَأَذَّنَ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ أَقَامَ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مشرکین نے خندق کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو چار نمازوں سے مشغول رکھا۔ یہاں تک جتنی اللہ نے چاہا رات چلی گئی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا اذان اور اقامت کا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑھائی، پھر اقامت کہی، عصر کی نماز پڑھائی، پھر اقامت کہی مغرب

5327- الحديث سبق برقم:**5020** فراجعه .

5328- الحديث سبق برقم:**5327,5020** فراجعه .

5329- الحديث سبق برقم:**5324,5219,5124,5032,4960** فراجعه .

5330- أخرجه أحمد جلد**1**صفحه**375** رقم الحديث:**3555** قال: حدثنا هُشيم .

Marfat.com
Marfat.com

فَصَلَّى الْعَصْرَ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ، ثُمَّ أَقَامَ فَصَلَّى الْعِشَاءَ

کی نماز پڑھائی، پھر اقامت کہی اور عشاء کی نماز پڑھائی۔

6108 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ أَبِي الْمُغِيرَةِ، أَوْ زِيَادِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: قَاتِلُوا النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا فَعَلُوهَا فَقَدْ حَقَنُوا دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ ـ قَالَ: وَسَمِعْتُهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: لوگوں سے جہاد کرو، یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی گواہی دیں۔ جب انہوں نے ایسے کر لیا، انہوں نے اپنے مال وخون محفوظ کر لیے مگر حق کے ساتھ باطنی معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہمان نوازی تین دن ہے، جو اس کے بعد کی جائے وہ صدقہ

6107- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **237** قال: حدثنا الوليد بن مسلم أبو العباس ـ وفي جلد **2** صفحه **477** قال: حدثنا وكيع ـ والدارمي رقم الحديث: **1350** قال: أخبرنا أبو المغيرة ـ

6108- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **377** قال: حدثنا أسود، قال: أخبرنا أبو بكر، عن عاصم ـ وأخرجه مسلم جلد **1** صفحه **39** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، قال: حدثنا حفص بن غياث ـ

Marfat.com
Marfat.com

يَقُولُ: لِلضَّيْفِ عَلَى مَنْ نَزَلَ بِهِ مِنَ الْحَقِّ ثَلَاثٌ، فَمَا زَادَ فَهُوَ صَدَقَةٌ، وَعَلَى الضَّيْفِ أَنْ يَرْتَحِلَ لَا يُؤْثِمُ أَهْلَ مَنْزِلِهِ قَالَ: وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: يَعْنِي: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَدْعُو بِشَيْءٍ إِلَّا اسْتَجَابَ لَهُ فِيهِ: فَإِمَّا أَنْ يُعْطِيَهُ إِيَّاهُ، وَإِمَّا أَنْ يُكَفِّرَ عَنْهُ بِهِ مَأْثَمًا، مَا لَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ أَوْ قَطِيعَةِ رَحِمٍ

ہے۔ مہمان پر ضروری ہے کہ کوچ کر جائے' گھر والوں کو گنہگار نہ کرے۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان دعا کرتا ہے اس کی دعا قبول ہوتی ہے یا تو جلدی قبول ہو جاتی ہے۔ یا کچھ دیر سے قبول کرتا ہے، یا یہ ہے اس کی وجہ سے اس کے گناہ معاف کرتا ہے جب تک گناہ نہ کرے یا صلہ رحمی نہ توڑے۔

6109 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي يَزِيدَ الْمَدِينِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ الشَّرُودَ يُرَدُّ . يَعْنِي الْبَعِيرَ الشَّرُودَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جسے بھاگ جانے کی عادت ہو اُسے ردّ کیا جائے یعنی اونٹ بھاگنے والا ہے (اس کی بیع ردّ کی جائے)۔

6110 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، عَنْ مَوْلًى لِأَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْخَلَاءَ، فَأَتَيْتُهُ بِمَاءٍ فَاسْتَنْجَى وَمَسَحَ يَدَهُ بِالتُّرَابِ، ثُمَّ غَسَلَ يَدَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء میں داخل ہوئے۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پانی لے کر آیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ استنجاء کیا اور ہاتھوں کو مٹی کے ساتھ صاف کیا، پھر اپنے ہاتھوں کو دھویا۔

6111 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6109- الحديث في المقصد العلي برقم: **658** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**60** وقال: رواه أبو يعلى' وفيه عبد السلام بن عجلان' قال: أبو حاتم: يكتب حديثه' وتوقف غيره في الاحتجاج به كما ذكره الذهبي .

6110- أخرجه أحمد جلد **2**صفحه**311** قال: حدثنا يحيى بن آدم واسحاق بن عيسى (ح) وقال: أسود' يعني شاذان . وابن ماجة رقم الحديث: **473,358** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة وعلي بن محمد' قالا: حدثنا وكيع .

6111- الحديث في المقصد العلي برقم: **438** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2**صفحه**13** وقال: رواه أحمد وأبو يعلى وفيه أبو مرانة' ولم أجد من وثقه ولا جرحه' وبقية رجاله ثقات .

Marfat.com
Marfat.com

الـدَّوْرَقِـيُّ، حَـدَّثَـنَا أَبُو دَاوُدَ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، عَنْ أَبِي مُرَايَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُصَلِّي الْمَلَائِكَةُ عَلَى نَائِحَةٍ وَلَا مُرِنَّةٍ

نے فرمایا: فرشتے نوحہ کرنے والی اور گانے والی پر رحمت نہیں بھیجتے ہیں۔

6112 - حَـدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَـدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ خُثَيْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِـي هُـرَيْـرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ فِي عَبْدِ الْمُسْلِمِ وَلَا فِي فَرَسِهِ صَدَقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کے غلام اور گھوڑے میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

6113 - حَـدَّثَـنَـا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّـهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عِـرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَيْسَ فِـي الْـخَيْلِ وَالرَّقِيقِ صَدَقَةٌ إِلَّا صَدَقَةُ الْفِطْرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان کے غلام اور گھوڑے میں زکوٰۃ نہیں ہے۔ ان پر صدقہ فطر ہے یعنی غلام کا مالک پر اور گھوڑے کی موجودگی پر۔

6114 - حَـدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنِ ابْنِ عَـمٍّ لِأَبِـي هُـرَيْـرَةَ، عَـنْ أَبِـي هُرَيْرَةَ، أَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ، جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَـا رَسُـولَ الـلَّـهِ إِنِّـي قَدْ زَنَيْتُ، فَأَعْرَضَ عَنْهُ حَتَّى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے زنا کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اعراض فرمایا' یہاں تک کہ چار مرتبہ اقرار کر لیا جب پانچویں مرتبہ اقرار کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو

6112- أخرجه مالك (الموطأ) رقم الحديث: **186** عن عبد الله بن دينار . والحميدى رقم الحديث: **1073** قال: حدثنا سفيان . قال: حدثنا عبد الله بن دينار . وفى رقم الحديث: **1074** قال: حدثنا سفيان' قال: حدثنا أيوب بن موسى' عن مكحول .

6113- سبق تخريجه فى الحديث السابق .

6114- أخرجه البخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: **737** قال: حدثنا عمرو بن خالد . قال: حدثنا محمد بن سلمة' عن أبى عبد الرحيم' عن زيد بن أبى أنيسة .

Marfat.com
Marfat.com

قَالَهَا أَرْبَعًا، فَلَمَّا كَانَ فِي الْخَامِسَةِ قَالَ: زَنَيْتُ؟ قَالَ: نَعَمْ ـ قَالَ: وَتَدْرِي مَا الزِّنَى؟ قَالَ: نَعَمْ ـ أَتَيْتُ مِنْهَا حَرَامًا مَا يَأْتِي الرَّجُلُ مِنِ امْرَأَتِهِ حَلَالًا ـ قَالَ: مَا تُرِيدُ إِلَى هَذَا الْقَوْلِ قَالَ: أُرِيدُ أَنْ تُطَهِّرَنِي ـ قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَدْخَلْتَ ذَلِكَ مِنْكَ فِي ذَلِكَ مِنْهَا كَمَا يَغِيبُ الْمِيلُ فِي الْمُكْحُلَةِ وَالْعَصَا فِي الشَّيْءِ؟ قَالَ: نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ ـ قَالَ: فَأَمَرَ بِرَجْمِهِ فَرُجِمَ، فَسَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَيْنِ يَقُولُ أَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: أَلَمْ تَرَ إِلَى هَذَا، سَتَرَ اللَّهُ عَلَيْهِ، فَلَمْ تَدَعْهُ نَفْسُهُ حَتَّى رُجِمَ رَجْمَ الْكَلْبِ؟ فَسَارَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، ثُمَّ مَرَّ بِجِيفَةِ حِمَارٍ، فَقَالَ: أَيْنَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ انْزِلَا فَكُلَا مِنْ جِيفَةِ هَذَا الْحِمَارِ قَالَا: غَفَرَ اللَّهُ لَكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَهَلْ يُؤْكَلُ هَذَا؟ قَالَ: فَمَا نِلْتُمَا مِنْ أَخِيكُمَا آنِفًا أَشَدُّ أَكْلًا مِنْهُ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهُ الْآنَ فِي أَنْهَارِ الْجَنَّةِ يَتَقَمَّصُ فِيهَا

نے زنا کیا ہے؟ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو جانتا ہے کہ زنا کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں کہ آدمی وہی کام کرے ایک عورت کے ساتھ جو حلال طریقے سے کیا جاتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اس سزا سے کیا چاہتا ہے؟ عرض کی: میں چاہتا ہوں کہ پاک ہو جاؤں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو نے اپنا داخل کیا تھا، اس میں جس طرح سرمہ دانی میں سلائی ڈالی جاتی ہے اور ڈنڈا کسی چیز میں غائب کیا جاتا ہے؟ عرض کی: یا رسول اللہ! جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو رجم کرنے کا حکم دیا، اس کو رجم کیا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو آدمیوں سے سنا ایک دوسرے کو کہہ رہا تھا کہ آپ نے دیکھا کہ مرد کی طرف کہ اللہ نے اس کے گناہ پر پردہ ڈالا تھا۔ لیکن اس نے اپنے آپ کو چھوڑا نہیں۔ یہاں تک کہ اسے کتے کی طرح رجم کیا گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کچھ دیر چلتے رہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک مردار گدھے کے پاس سے ہوا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. فلاں فلاں کہاں ہیں؟ دونوں اترو۔ اس مردار گدھے کو کھاؤ۔ دونوں نے عرض کی: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی رحمت آپ صلی اللہ علیہ وسلم برستی رہے، کیا اس کو بھی کھایا جاتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو تم نے اپنے بھائی کی ابھی غیبت کی ہے، وہ اس کو کھانے سے زیادہ سخت ہے۔ اللہ کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ اب وہ جنت کی نہروں میں غوطہ لگا رہا ہے۔

6115 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com
Marfat.com

أَبِي عَدِيٍّ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: كَتَبَ بِهِ إِلَيَّ مَنْصُورٌ وَقَرَأْتُهُ عَلَيْهِ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو عُثْمَانَ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاحِبَ هَذِهِ الْحُجْرَةِ الصَّادِقَ الْمَصْدُوقَ يَقُولُ: لَا تُنْزَعُ الرَّحْمَةُ إِلَّا مِنْ شَقِيٍّ

سے میں نے سنا کہ آپ ﷺ نے فرمایا: رحمت صرف بدبخت سے ہی لی جاتی ہے' یعنی صاحب حجرہ سے جو سچا ہے اور جن کی سچائی کی تصدیق کی گئی ہے۔

6116 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي ثَابِتٌ الزُّرَقِيُّ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَخَذَتِ النَّاسَ رِيحٌ بِطَرِيقِ مَكَّةَ- وَعُمَرُ حَاجٌّ- فَاشْتَدَّتْ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ لِمَنْ حَوْلَهُ: مَا الرِّيحُ؟ فَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيْهِ شَيْئًا، فَبَلَغَنِي الَّذِي سَأَلَ عَنْهُ عُمَرُ، فَاسْتَحْثَثْتُ رَاحِلَتِي حَتَّى أَدْرَكْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، أُخْبِرْنَا بِأَنَّكَ سَأَلْتَ عَنِ الرِّيحِ، وَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الرِّيحُ مِنْ رَوْحِ اللَّهِ تَأْتِي بِالرَّحْمَةِ، وَتَأْتِي بِالْعَذَابِ فَلَا تَسُبُّوهَا، وَسَلُوا اللَّهَ مِنْ خَيْرِهَا، وَاسْتَعِيذُوا بِهِ مِنْ شَرِّهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کو ہوا نے پکڑ لیا۔ مکہ شریف کے راستے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی حج کرنے گئے تھے۔ ان پر ہوا سخت ہو گئی۔ جو آپ رضی اللہ عنہ کے ارد گرد تھے۔ انہوں نے عرض کی: یہ ہوا کیسی ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ کو کسی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ مجھے یہ خبر پہنچی جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سوال کیا تھا۔ میں نے سواری کو کھینچا یہاں تک کہ آپ رضی اللہ عنہ کو پا لیا۔ میں نے عرض کی: اے امیر المومنین! مجھے خبر معلوم ہوئی کہ آپ رضی اللہ عنہ سے ہوا کے متعلق پوچھا گیا ہے کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ہوا اللہ کی رحمت سے ہے، رحمت بھی لاتی ہے اور عذاب بھی لاتی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو گالی نہ دو، اللہ سے اس کی بھلائی مانگو، اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگو۔

6117 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

6115- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **301** قال: حدثنا محمد بن جعفر . قال: حدثنا شعبة . قال شعبة: كتب به الى وقرأته عليه' يعنى منصورًا .

6116- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **436,250** قال: حدثنا يحيى . قال: حدثنا الأوزاعى . وفيى جلد **2** صفحه **267** قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنا معمر .

6117- أورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **103** وقال: رواه البزار' وفيه الحسن بن السكن ضعفه أحمد'

Marfat.com
Marfat.com

الْحَسَنُ بْنُ السَّكَنِ الْبَصْرِيُّ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ شَيْءٍ صَفْوَةٌ وَصَفْوَةُ الصَّلَاةِ التَّكْبِيرَةُ الْأُولَى

نے فرمایا: ہر شے کیلئے کوئی چیز اس کا نکھار ہوتی ہے نماز کا نکھار تکبیر اولیٰ ہے۔

6118 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ: (يَوْمَ نَدْعُو كُلَّ أُنَاسٍ بِإِمَامِهِمْ) (الإسراء: **71**)، قَالَ: يُدْعَى أَحَدُهُمْ فَيُعْطَى كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ وَيُمَدُّ لَهُ فِي جِسْمِهِ سِتُّونَ ذِرَاعًا، وَيُبَيَّضُ وَجْهُهُ وَيُجْعَلُ عَلَى رَأْسِهِ تَاجٌ مِنْ لُؤْلُؤٍ، قَالَ: فَيَنْطَلِقُ إِلَى أَصْحَابِهِ فَيَرَوْنَهُ مِنْ بَعِيدٍ فَيَقُولُونَ: اللَّهُمَّ ائْتِنَا بِهَذَا، وَبَارِكْ لَنَا فِي هَذَا، حَتَّى يَأْتِيَهُمْ، فَيَقُولُ: أَبْشِرُوا إِنَّ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْكُمْ هَذَا، وَأَمَّا الْكَافِرُ فَيُؤْتَى كِتَابَهُ بِشِمَالِهِ يُسَوَّدُ وَجْهُهُ وَيُزَادُ فِي جِسْمِهِ سِتُّونَ ذِرَاعًا عَلَى صُورَةِ آدَمَ وَيُلْبَسُ تَاجًا مِنَ النَّارِ، فَيَرَاهُ أَصْحَابُهُ فَيَقُولُونَ: نَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ شَرِّ هَذَا، اللَّهُمَّ لَا تَأْتِنَا بِهَذَا، فَيَأْتِيهِمْ فَيَقُولُونَ اللَّهُمَّ أَخِّرْهُ، فَيَقُولُ: أَبْعَدَكُمُ اللَّهُ فَإِنَّ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنْكُمْ مِثْلَ هَذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تفسیر فرمائی: ''يَوْمَ نَدْعُوْ الى آخره'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان میں سے کسی ایک کو بلوایا جائے گا۔ اس کے دائیں ہاتھ میں اس کو کتاب دی جائے گی، اس کے جسم کو اس کے لیے ساٹھ ہاتھ لمبا کیا جائے گا اور اس کے چہرے کو سفید کیا جائے گا، اس کے سر پر موتیوں کا تاج رکھا جائے گا، وہ اپنے ساتھیوں کے پاس چلا جائے گا، وہ اس کو دور سے دیکھیں گے، وہ عرض کریں گے: اے اللہ! اس کو لے آ۔ اس میں برکت ڈال۔ یہاں تک کہ ان کے پاس آئے گا اور کہے گا خوشخبری ہو تم میں سے ہر ایک مرد کے لیے یہ ہے۔ بہرحال کافر، اس کو اس کی کتاب بائیں ہاتھ پر دی جائے گی، اس کے چہرے کو سیاہ کیا جائے گا، اس کے جسم حضرت آدم علیہ السلام کی صورت پر ساٹھ ہاتھ لمبا کیا جائے گا۔ اس کو آگ کا تاج پہنایا جائے گا، اس کے ساتھ اس کو دیکھیں گے وہ کہیں گے، اللہ کی اس شر سے پناہ مانگو، اے اللہ! اس کو ہمارے پاس نہ لانا، وہ آئے گا، وہ کہیں گے: اے اللہ! اس کو پیچھے کردے، اللہ تم کو دور کرے آدمی کو تو اس کی

وذكره ابن حبان في الثقات . وأخرجه البزار جلد1صفحه253,252 .

6118- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **3135** من طريق عبد الله بن عبد الرحمٰن' حدثنا عبيد اللّٰه بن موسىٰ عن اسرائيل بهذا السند . وأخرجه البزار كما قال ابن كثير فى التفسير جلد4صفحه331 .

Marfat.com
Marfat.com

مثل ملے گا۔

6119 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي عَطَاءٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ مَرِيضًا مَاتَ شَهِيدًا وَوُقِيَ فَتَّانِي الْقَبْرِ، وَغُدِيَ، وَرِيحَ عَلَيْهِ بِرِزْقٍ مِنَ الْجَنَّةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو بیماری کی حالت میں مرے وہ شہادت کی موت مرا۔ اس کو قبر کے عذاب سے بچایا جائے گا۔ اس کو صبح وشام جنت سے رزق دیا جائے گا۔

6120 - قَالَ: وَحَدَّثَنِيهِ ابْنُ أَبِي رَوَّادٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ الْكِلَابِيُّ، جَمِيعًا قَالَا: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت ہے۔

6121 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا ضِمَامٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكْثِرُوا مِنْ شَهَادَةِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ قَبْلَ أَنْ يُحَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کثرت سے گواہی دو کہ اشھد ان لا الہ الا اللہ کی اس سے پہلے کہ حائل ہو جائے موت ان کے اور تمہارے درمیان۔

6122 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا ضِمَامٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَهَادُوا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: باہم ایک دوسرے کو ہدیہ دو محبت ہوگی۔

6119- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **1615** قال: حدثنا أحمد بن يوسف ۔ قال: حدثنا عبد الرزاق ۔ قال: أنبأنا ابن جريج ۔ (ح) وحدثنا أبو عبيدة بن أبي السفر ۔

6120- الحديث سبق برقم: **6119** فراجعه ۔

6121- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1635** ۔ وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **82** وقال: رواه أبو يعلىٰ، ورجاله رجال الصحيح، غير حمام بن اسماعيل، وهو ثقة ۔

6122- أخرجه البخارى فى الأدب المفرد رقم الحديث: **594** من طريق عمرو بن خالد، حدثنا حمام بن اسماعيل بهذا السند ۔ وأخرجه البيهقى فى الكبرىٰ جلد **6** صفحح **169**،

Marfat.com
Marfat.com

تَحَابُّوا

6123 - وَبِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا بَنِي قُصَيٍّ، يَا بَنِي هَاشِمٍ، يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ أَنَا النَّذِيرُ وَالْمَوْتُ الْمُغِيرُ، وَالسَّاعَةُ الْمَوْعِدُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنی قصی، اے بنی ہاشم، اے بنی عبدمناف میں ڈرانے والا ہوں، موت جدا کرنے والی ہے، قیامت وعدہ ہے۔

6124 - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَزَالُ الْمِلَيْلَةُ وَالصُّدَاعُ بِالْعَبْدِ وَالْأَمَةِ- وَإِنَّ عَلَيْهِمَا مِنَ الْخَطَايَا مِثْلَ أُحُدٍ- فَمَا يَدَعُهُمَا وَعَلَيْهِمَا مِثْقَالُ خَرْدَلَةٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلسل بخار اور سر درد جس بندہ اور عورت کو ہو گیا۔ اُن دونوں پر گناہ احد کے پہاڑ کی مثل ہوں گے ان دونوں کو گناہ نہیں چھوڑے گا اس پر رائی کے دانہ برابر بھی گناہ نہیں ہوگا۔

6125 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا قِرَانُ بْنُ تَمَّامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا أَعْجَزَ - أَوْ قَالَ: مَا أَضْعَفَ - فُلَانًا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اغْتَبْتُمْ صَاحِبَكُمْ وَأَكَلْتُمْ لَحْمَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک آدمی اٹھا اور اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں فلاں سے زیادہ کمزور نہیں ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کی غیبت کرتے رہے ہو اور اس کا تم گوشت کھا رہے ہو۔

6126 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6123- الحديث في المقصد العلى برقم: **1729** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **227** وقال: رواه أبو يعلىٰ، ورجاله رجال الصحيح غير حمام بن اسماعيل وهو ثقة .

6124- الحديث في المقصد العلى برقم: **1607** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **301** وقال: رواه أبو يعلىٰ، ورجاله ثقات .

6125- الحديث في المقصد العلى برقم: **1988** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8** صفحه **94** وقال: رواه أبو يعلىٰ، والطبراني في الأوسط.....، وفي اسنادهما محمد بن أبي حميد، ويقال له: حماد، وهو ضعيف .

6126- الحديث سبق برقم: **5909** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

عَبْدَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُذِّبَتِ امْرَأَةٌ فِي هِرَّةٍ رَبَطَتْهَا فَلَمْ تَدَعْهَا تَأْكُلُ مِنْ خَشَاشِ الْأَرْضِ حَتَّى مَاتَتْ

نے فرمایا: ایک عورت جہنم میں داخل ہوئی ایک بلی کو باندھنے کی وجہ سے۔ اس کو کھانے کے لیے کچھ نہیں دیا، نہ اس کو چھوڑا کہ وہ زمین کے کیڑے وغیرہ کھالے۔

6127 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ هِلَالٍ أَبُو النَّضْرِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنِ الْأَغَرِّ قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ، أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خَمْسٌ مَنْ قَالَهُنَّ صَدَّقَهُ اللَّهُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَكَلَّمَ بِهَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فِي مَرَضِهِ حَرَّمَهُ اللَّهُ عَلَى النَّارِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ دونوں گواہی دیتے ہیں اس بات پر کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے کہا اللہ اس کی تصدیق کرے گا: لا الہ الا اللہ وحدہ، الی اخرہ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے یہ کلمات پڑھے حالت بیماری میں اس پر جہنم کی آگ حرام ہو جائے گی۔

6128 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ، أَنَّهُ شَهِدَ عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ أَنَّهُمَا، شَهِدَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا قَالَ الْعَبْدُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ، يَقُولُ اللَّهُ: صَدَقَ عَبْدِي،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ کہتا ہے کہ لا الہ الا اللہ واللہ اکبر، اللہ فرماتا ہے کہ میرے بندے نے سچ کہا: لا الہ الا انا وحدی' جب کہتا ہے: لا الہ الا اللہ لہ الملك ولہ الحمد، اللہ فرماتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا۔ لا الہ الا انا ولی الملك والحمد۔

6127- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **3426** من طريق سفيان بن وكيع' حدثنا اسماعيل بن محمد بن جحادة' حدثنا عبد الجبار بن عباس .

6128- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3794** من طريق أبى بكر بن أبى شيبة' حدثنا الحسين بن على بهذا السند . والحديث سبق برقم: **6127** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

لَا إِلَـهَ إِلَّا أَنَـا وَحْـدِى، وَإِذَا قَـالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْـمُـلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ قَالَ: صَدَقَ عَبْدِى، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنَـا وَلِىَ الْمُلْكُ وَالْحَمْدُ، قَالَ: وَإِذَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ قَالَ: يَقُولُ: صَدَقَ عَبْـدِى، لَا إِلَـهَ إِلَّا أَنَـا وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِى ، قَـالَ أَبُو إِسْـحَـاقَ: ثُـمَّ قَـالَ الْأَغَـرُّ: شَيْئًا لَمْ أَفْهَمْهُ، فَقُلْتُ لِأَبِـى جَـعْـفَـرٍ: أَىَّ شَىْءٍ قَالَ؟ فَقَالَ: فَمَنْ رُزِقَهُنَّ عِنْدَ مَوْتِهِ لَمْ تَمَسَّهُ النَّارُ

بندہ جب کہتا ہے: لا الـه الا الـلّٰه ولا حول ولا قوة الا بـالـلّٰه۔ اللہ فرماتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا' لا الـه الا اللّٰه ولا قوة الا باللّٰه۔ ابواسحاق فرماتے ہیں: پھر اغر نے فرمایا: ایسی شی جو میں نہیں سمجھ سکا۔ میں نے ابوجعفر سے عرض کی: کون سی شی فرمائی؟ فرمایا: جب ان کلمات کو مرتے وقت کے لیے اس کو آگ نہیں چھوئے گی۔

6129 - حَـدَّثَـنَـا أَبُـو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَـنِ الـزُّهْـرِيِّ، عَـنْ أَبِـى سَـلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَأَبِـى عَبْـدِ الـلّٰهِ الْأَغَرِّ، صَاحِبِ أَبِى هُرَيْرَةَ، أَنَّهُمَا سَـمِـعَا أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَـنْـزِلُ الـلّٰـهُ حِينَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْـآخِـرُ إِلَـى السَّـمَـاءِ الدُّنْيَا كُلَّ لَيْلَةٍ، فَيَقُولُ: مَنْ يَشْـكُـو أُعْـطِـهِ، وَمَـنْ يَـدْعُونِى أَسْتَجِبْ لَـهُ، مَنْ يَسْتَـغْفِرْ أَغْفِرْ لَهُ ، فَـلِذَلِكَ كَانُوا يُفَضِّلُونَ صَلَاةَ آخِرِ اللَّيْلِ عَلَى أَوَّلِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب رات کا ایک حصہ یا تہائی حصہ چلا جاتا ہے تو ایک آواز دینے والا آواز دیتا ہے کہ ہے کوئی دعا مانگنے والا، اس کی دعا قبول ہو؟ ہے کوئی مانگنے والا اس کے سوال کے مطابق دیا جائے؟ ہے کوئی بخشش طلب کرنے والا میں اس کو معاف کر دوں گا، ہے کوئی توبہ کرنے والا اس کی توبہ قبول کروں گا' اسی لیے رات کے آخری حصہ کی نماز رات کے اوّل حصے والی نماز پر فضیلت ہے۔

6130 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَـنْ أَفْـلَـحَ بْـنِ حُـمَيْدٍ، عَنْ أَبِى بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَـزْمٍ، عَنْ سَلْمَانَ الْأَغَرِّ، عَنْ أَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْجَمَاعَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا اکیلے نماز پڑھنے سے پچیس گناہ زیادہ ثواب ہوتا ہے۔

6129- الحديث سبق برقم: **5910** فراجعه .

6130- أخـرجه أحمد جلد **2** صفحه **475** قـال: حـدثنا وكيع . ومسلم جلد **2** صفحه **122** قـال: حـدثنا عبد الله بن مسلمة بن قعنب . كلاهما (وكيع' وعبد الله بن مسلمة) عن أفلح بن حميد' عن أبى بكر بن محمد بن عمرو ابن حزم' عن سليمان الأغر' فذكره .

Marfat.com
Marfat.com

تَزِيدُ عَلَى صَلاةِ الْفَذِّ خَمْسَةً وَعِشْرِينَ دَرَجَةً

6131 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ رُزَيْقٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ قَالَا: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا جَلَسَ قَوْمٌ مُسْلِمُونَ يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلائِكَةُ وَتَغَشَّتْهُمُ الرَّحْمَةُ وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْهِمُ الْمَلائِكَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جولوگ اللہ کے ذکر کے لیے بیٹھتے ہیں تو ان کو فرشتے اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں ان پر اپنی رحمت ڈالتا ہے، ان پر فرشتے اترتے ہیں۔

6132 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْأَغَرُّ، أَنَّهُ شَهِدَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ كَانَ عَلَى كُلِّ بَابٍ مِنْ أَبْوَابِ الْمَسْجِدِ مَلائِكَةٌ يَكْتُبُونَ الْأَوَّلَ، فَالْأَوَّلَ فَإِذَا جَلَسَ الْإِمَامُ طَوَوُا الصُّحُفَ وَجَاءُوا يَسْتَمِعُونَ الذِّكْرَ، وَمَثَلُ الْمُهَجِّرِ كَمَثَلِ الَّذِي يُهْدِي بَدَنَةً وَكَالَّذِي يُهْدِي الْبَقَرَةَ وَكَالَّذِي يُهْدِي الْكَبْشَ ثُمَّ كَالَّذِي يُهْدِي الدَّجَاجَةَ، ثُمَّ كَالَّذِي يُهْدِي الْبَيْضَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب جمعہ کا دن ہوتا ہے تو ہر جامع مسجد کے ہر دروازے پر فرشتے ہوتے ہیں جو پہلے آنے والے پھر پہلے آنے والے کا نام لکھتے ہیں، پس جب امام بیٹھ جاتا ہے تو وہ اپنے رجسٹر لپیٹ لیتے ہیں اور ذکر سننے کیلئے آجاتے ہیں، سب سے پہلے آنے والا اس آدمی کی مانند ہے جو اونٹ قربانی کرتا ہے اور (دوسرے نمبر والا) اس آدمی کی مانند جو گائے قربان کرتا ہے اور (تیسرے نمبر والا) اس آدمی کی مثل جو مینڈھا ذبح کرتا ہے اور (چوتھا) اس آدمی کی طرح جو مرغی قربان کرتا ہے اور (پانچواں) اس آدمی جیسا جو انڈہ صدقہ کرتا ہے۔

6133 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا

حضرت ابوہریرہ اور حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہما کی موجودگی میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو گروہ بھی اللہ

6131- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3791** من طريق أبي بكر بن أبي شيبة به . وقد سبق في مسند أبي سعيد الخدري فراجعه .

6132- الحديث سبق برقم: **5968** فراجعه .

6133- الحديث سبق برقم: **6131** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

إِسْحَاقَ يُحَدِّثُ عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ، أَنَّهُ شَهِدَ عَلَى أَبِي هُرَيْرَةَ، وَأَبِي سَعِيدٍ أَنَّهُمَا شَهِدَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: لَا يَقْعُدُ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا حَفَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ، وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ، وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْهِمِ السَّكِينَةُ، وَذَكَّرَهُمُ اللَّهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ

تعالیٰ کا ذکر کرنے کی خاطر بیٹھتا ہے' فرشتے اس کو گھیر لیتے ہیں' رحمت ان پر چھا جاتی ہے' سکون واطمینان ان پر اُترتا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے پاس موجود فرشتوں میں ان کی یاد مناتا ہے۔

6134 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ قَالَ: أَشْهَدُ عَلَى أَبِي سَعِيدٍ، وَأَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُمَا، شَهِدَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا جَلَسَ قَوْمٌ يَذْكُرُونَ اللَّهَ إِلَّا حَفَّتْ بِهِمُ الْمَلَائِكَةُ، وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْهِمُ السَّكِينَةُ، وَغَشِيَتْهُمُ الرَّحْمَةُ، وَذَكَرَهُمُ اللَّهُ فِيمَنْ عِنْدَهُ

حضرت ابومسلم اغرّ فرماتے ہیں: میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت ابوسعید اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما پر کہ وہ دونوں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو گروہ اللہ کا ذکر کرنے کیلئے بیٹھے تو فرشتے اسے گھیر لیتے ہیں' ان پر سکون واطمینان اُترتا ہے' رحمت ان پر چھا جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان کا ذکر ان میں کرتا ہے' جو اس کے پاس ہیں۔

6135 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ، عَنِ الْأَغَرِّ أَبِي مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَوَضَّئُوا مِمَّا أَنْضَجَتِ النَّارُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو چیز آگ پر پکی ہوئی ہو (کھانا وغیرہ) اس کے بعد وضو ہے۔ یعنی لغوی وضو سے مراد ہے یعنی ہاتھ اور کلی کرنا۔

6136 - حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بازار میں داخل ہوا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم

6134- الحديث سبق برقم: **6133,6131** فراجعه .

6135- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **458** قال: حدثنا محمد بن جعفر . وأبو داؤد رقم الحديث: **194** قال: حدثنا مُسدد' قال: حدثنا يحيٰى .

6136- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1546** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **122,121** وقال: روه أبو يعلىٰ' والطبرانى فى الأوسط وفيه يوسف بن زياد البصرى' وهو ضعيف .

Marfat.com
Marfat.com

الْأَغَرِّ بْنِ مُسْلِمٍ، وَيُكْنَى أَبَا مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: دَخَلْتُ يَوْمًا السُّوقَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ إِلَى الْبَزَّارِينَ، فَاشْتَرَى سَرَاوِيلًا بِأَرْبَعَةِ دَرَاهِمَ وَكَانَ لِأَهْلِ السُّوقِ وَزَّانٌ يَزِنُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّزِنْ وَأَرْجِحْ، فَقَالَ الْوَزَّانُ: إِنَّ هَذِهِ لَكَلِمَةٌ مَا سَمِعْتُهَا مِنْ أَحَدٍ، فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: فَقُلْتُ لَهُ كَفَى بِكَ مِنَ الرَّهَقِ وَالْجَفَاءِ فِي دِينِكَ أَنْ لَا تَعْرِفَ نَبِيَّكَ، فَطَرَحَ الْمِيزَانَ، وَوَثَبَ إِلَى يَدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ أَنْ يُقَبِّلَهَا، فَحَذَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ مِنْهُ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ إِنَّمَا يَفْعَلُ هَذَا الْأَعَاجِمُ بِمُلُوكِهَا، وَلَسْتُ بِمَلِكٍ، إِنَّمَا أَنَا رَجُلٌ مِنْكُمْ، فَوَزَنَ وَأَرْجَحَ وَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّرَاوِيلَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: فَذَهَبْتُ لِأَحْمِلَهُ عَنْهُ، فَقَالَ: صَاحِبُ الشَّيْءِ أَحَقُّ بِشَيْئِهِ أَنْ يَحْمِلَهُ، إِلَّا أَنْ يَكُونَ ضَعِيفًا يَعْجِزُ عَنْهُ فَيُعِينُهُ أَخُوهُ الْمُسْلِمُ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَإِنَّكَ لَتَلْبَسُ السَّرَاوِيلَ؟ قَالَ: أَجَلْ فِي السَّفَرِ وَالْحَضَرِ، وَبِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ فَإِنِّي أُمِرْتُ بِالسَّتْرِ فَلَمْ أَجِدْ شَيْئًا أَسْتَرَ مِنْهُ

کپڑے فروخت کرنے والے کے پاس بیٹھ گئے۔ اس سے شلوار خریدی چار درہم میں۔ بازار والے وزن کرتے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: وزن کر اس کو جھکا، وزن کرنے والے نے کہا۔ یہ بات میں نے کبھی کسی سے نہیں سنی۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اس کو کہا، تیرے لیے کافی ہے بہانا اور اپنے دین میں جفاء کرنا۔ تو نبی (ﷺ) کو نہیں پہچانتا، اس نے میزان پھینک دی۔ حضور ﷺ کے ہاتھ کی طرف لپکا چومنے کے لیے۔ حضور ﷺ نے اس سے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور فرمایا: یہ کیا ہے جو عجمی لوگ کرتے ہیں اپنے بادشاہوں کے ساتھ، میں بادشاہ نہیں ہوں۔ میں تم میں سے آدمی ہوں۔ (سبحان اللہ! یہ عاجزی کے طور پر فرمایا: لہٰذا گستاخ لوگ اس سے اپنے جیسے ہونے کی دلیل نہیں پکڑ سکتے ہیں)۔ اس نے وزن کیا اور اس کو جھکایا۔ حضور ﷺ نے شلوار پکڑی اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرمانے لگے: میں گیا تا کہ میں اس کو اٹھاؤں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: شے کا مالک زیادہ حق دار ہوتا ہے اٹھانے کا۔ ایک صورت ہے کہ وہ مالک کمزور ہو وہ اس کو اٹھانے سے عاجز ہو اسوقت اپنے بھائی کی مدد کر۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ نے شلوار پہنی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! سفر اور شہر میں، دن و رات میں مجھے ستر ڈھانپنے کا حکم دیا گیا ہے میں اس سے زیادہ پردہ والی چیز نہیں پاتا ہوں۔

6137 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ،

حضرت اغرّ فرماتے ہیں: میں نے حضرت

Marfat.com
Marfat.com

حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ قَالَ: سَمِعْتُ الْأَغَرَّ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى يُصَدِّقُ الْعَبْدُ فِي خَمْسٍ يَقُولُهُنَّ، إِذَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِي، وَإِذَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَاللَّهُ أَكْبَرُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِي، وَإِذَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِي، وَإِذَا قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، قَالَ: صَدَقَ عَبْدِي

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا' فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تبارک وتعالیٰ پانچ کلمات میں اپنے بندے کی تصدیق فرماتا ہے' جو وہ کہتا ہے۔ جب وہ کہے: الا الہ الا اللہ لاشریک لہ۔ فرماتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا' اور جب وہ کہتا ہے: لا الہ الا اللہ واللہ اکبر! اللہ فرماتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا' اور جب بندہ کہتا ہے: الا الہ الا اللہ والحمد للہ! اللہ فرماتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا' اور جب وہ کہتا ہے: لا الہ الا اللہ لہ الملک ولہ الحمد! اللہ فرماتا ہے: میرے بندے نے سچ کہا۔

قَالَ أَبُو إِسْحَاقَ: وَحَدَّثَنِي أَبُو جَعْفَرٍ، عَنِ الْأَغَرِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا قَالَهُنَّ فِي مَرَضِهِ ثُمَّ مَاتَ لَمْ يَدْخُلِ النَّارَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے کہا: جب بندہ ان کلمات کو اپنی مرضِ موت میں کہتا ہے پھر فوت ہو جاتا ہے تو وہ دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔

6138 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي مُحَمَّدٌ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ قَارِظٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز دوسری مسجدوں میں نماز سے ایک ہزار نمازوں سے زیادہ ثواب رکھتی ہے سوائے مسجد حرام کے۔

قَالَ مُحَمَّدٌ، أَخْبَرَنِي سَلْمَانُ الْأَغَرُّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هَذَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

6139 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الْعَتَكِيُّ، حَدَّثَنَا

حضرت سلیمان الاغر فرماتے ہیں کہ میں نے ارادہ

6138- الحديث سبق برقم: 5849 فراجعه .

6139- اخرجه أحمد جلد 2 صفحه 236 قال: حدثنا عبد الرحمٰن . قال: حدثنا مالك . وفيى جلد 2 صفحه 376 قال: حدثنا محمد بن عُبيد . قال: حدثنا عبيد الله .

Marfat.com
Marfat.com

عَبْدُ الْوَاحِدِ الْمَدَنِيُّ، عَنِ ابْنِ أَبِي سَلْمَانَ الْأَغَرِّ قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي سَلْمَانُ الْأَغَرُّ، قَالَ: أَرَدْتُ الْكَرِيَّ إِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَرَأَيْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ فَقَالَ: الْزَمْ مَسْجِدَكَ هَذَا فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هَذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ، إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ، وَمَا بَيْنَ بَيْتِي وَمِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ

کیا سواری کرائے پر لینے کا بیت المقدس کی طرف جانے کیلئے۔ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تو اس مسجد کو لازم پکڑ۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز پڑھنا مسجد حرام کے علاوہ باقی مسجدوں کی ایک ہزار نمازوں سے ثواب سے زیادہ ہے۔ میرے منبر اور میرے گھر کے درمیان جو جگہ وہ جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے۔

أَبُو حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

وہ روایات جو ابوحازمؒ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6140 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي مَجْهُودٌ، فَأَرْسَلَ إِلَى بَعْضِ نِسَائِهِ فَقَالَتْ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا عِنْدِي إِلَّا مَاءٌ، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى أُخْرَى فَقَالَتْ مِثْلَ ذَلِكَ، حَتَّى قُلْنَ كُلُّهُنَّ مِثْلَ ذَلِكَ: لَا وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا عِنْدِي إِلَّا مَاءٌ، فَقَالَ: مَنْ يُضِيفُ هَذَا اللَّيْلَةَ؟، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ: أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں بھوکا ہوں تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بعض بیویوں کی طرف کسی کو بھیجا۔ انہوں نے عرض کی: اس ذات کی قسم جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے میرے پاس تو صرف پانی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی آج رات مہمان نوازی کون کرے گا؟ انصار میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا، اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں کروں گا۔ وہ اپنے گھر لے کر چلا گیا اس نے اپنی بیوی سے کہا:

6140- أخرجه البخاری رقم الحديث: **3798** . والبيهقی فی الكبرىٰ جلد **4**صفحه**85** من طريق عبد الله بن داؤد .
وأخرجه مسلم رقم الحديث: **2054** . والطبری فی التفسير جلد **28**صفحه**42** من طريق أبی كريب' حدثنا ابن فضيل .

Marfat.com
Marfat.com

فَانْطَلَقَ بِهِ إِلَى رَحْلِهِ، فَقَالَ لِامْرَأَتِهِ: هَلْ عِنْدَكِ شَيْءٌ؟ قَالَتْ: لَا، إِلَّا قُوتَ صِبْيَانِي، قَالَ: فَعَلِّلِيهِمْ بِشَيْءٍ، فَإِذَا دَخَلَ ضَيْفُنَا أَصْبِحِي السِّرَاجَ وَأَرِيهِ أَنَّا نَأْكُلُ، فَإِذَا أَهْوَى لِيَأْكُلَ فَقُومِي إِلَى السِّرَاجِ حَتَّى تُطْفِئِيهِ، قَالَ: فَقَعَدُوا وَأَكَلَ الضَّيْفُ، فَلَمَّا أَصْبَحَ غَدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: قَدْ عَجِبَ اللَّهُ مِنْ صَنِيعِكُمَا اللَّيْلَةَ

کیا تیرے پاس کوئی شے ہے؟ اس نے کہا: صرف بچوں کا کھانا ہے، اس نے کہا: ان کو کوئی شے دے کر بہلا دے۔ جب وہ مہمان ہمارے پاس آئے تو تو نے چراغ کو بجھا دینا ہے، وہ خیال کرے گا کہ ہم کھانا کھا رہے ہیں۔ جب وہ آیا کھانا کھانے کے لیے، وہ چراغ کی طرف بڑھی یہاں تک کہ اس کو بجھا دیا وہ بیٹھ گئے۔ مہمان کھانے لگا۔ جب صبح رسول اکرم ﷺ کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تمہارے اس کام پر جو رات کو کیا بڑا خوش ہوا ہے۔

6141- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحِنْطَةُ بِالْحِنْطَةِ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ، وَالتَّمْرُ بِالتَّمْرِ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ، يَدًا بِيَدٍ، وَزْنًا بِوَزْنٍ، فَمَنْ زَادَ- أَوِ ازْدَادَ- فَقَدْ أَرْبَى إِلَّا مَا اخْتَلَفَ أَلْوَانُهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: گندم کے بدلے گندم' جَو کے بدلے جَو' کھجور کے بدلے کھجور' نمک کے بدلے نمک ہاتھوں ہاتھ ہو' وزن کے لحاظ سے برابر ہو۔ پس جس نے اضافہ کیا یا اضافہ کروایا' تو اس نے سودی کاروباری کیا مگر اس صورت میں جب جنس بدل جائے (گندم کے بدلے جَو' جَو کے بدلے کھجور' کھجور کے بدلے نمک' علیٰ ھذا القیاس)۔

6142- حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ إِذَا خَرَجْنَ لَمْ يَنْفَعْ نَفْسًا إِيمَانُهَا: الدَّابَّةُ، وَالدَّجَّالُ، وَطُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں ہیں کہ جب وہ نکلیں گی تو کسی جان کو اس کا ایمان نفع نہیں دے سکے گا: (۱) دابۃ الارض (زمینی جانور) (۲) دجال (۳) سورج کا مغرب سے طلوع ہونا۔

6141- الحديث سبق برقم: **6081** فراجعه .

6142- الحديث سبق برقم: **6059** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

6143 - حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقِيءُ الْأَرْضُ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا أَمْثَالَ الْأُسْطُوَانِ مِنَ الْفِضَّةِ وَالذَّهَبِ، قَالَ: فَيَجِيءُ السَّارِقُ، فَيَقُولُ: فِي هَذَا قُطِعَتْ يَدَيَّ، وَيَجِيءُ الْقَاتِلُ فَيَقُولُ: فِي هَذَا قُتِلْتُ، وَيَجِيءُ الْقَاطِعُ فَيَقُولُ: فِي هَذَا قَطَعْتُ رَحِمِي، وَيَدَعُونَهُ لَا يَأْخُذُونَ مِنْهُ شَيْئًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمین اپنے جگر کے ٹکڑے اُگل دے گی جیسے ستون کی مانند مثلاً چاندی اور سونا (یعنی زمین سے نکل کر لوگوں کی آنکھوں کے سامنے آ جائے گا)۔ فرمایا: پس چور آ کر کہے گا: (ہائے افسوس!) اسی میں میرا ہاتھ کاٹا گیا۔ قاتل آ کر کہے گا: اسی کی خاطر مجھے (قصاص میں) قتل کیا گیا۔ بائیکاٹ کرنے والا آ کر کہے گا: اسی کی خاطر میں نے رشتوں کو توڑا اور وہ اس کو چھوڑ دیں گے' اس میں سے کوئی شی نہیں ہوگی۔

6144 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَامِرِ بْنِ زُرَارَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثَةٌ إِذَا خَرَجْنَ لَمْ يَنْفَعْ نَفْسًا إِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِي إِيمَانِهَا خَيْرًا: طُلُوعُ الشَّمْسِ مِنْ مَغْرِبِهَا، وَخُرُوجُ الدَّجَّالِ، وَخُرُوجُ الدَّابَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں جب نکل آئیں گی تو کسی بندے کا ایمان لانا اسے کوئی نفع نہ دے گا: (۱) زمینی جانور (۲) دجال (۳) سورج کا مغرب سے نکلنا۔

6145 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَصَابَنِي جَهْدٌ شَدِيدٌ، فَلَقِيتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَاسْتَقْرَأْتُهُ آيَةً مِنْ كِتَابِ اللَّهِ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے سخت بھوک پہنچی، میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ملا، میں نے ان کو کتاب اللہ کی ایک آیت کا مفہوم پوچھا وہ اپنے گھر داخل ہوئے اور اس دروازے کو کھول دیا میرے لیے۔ میں

6143- أخرجه مسلم رقم الحديث: **1013** ۔ والترمذى رقم الحديث: **2209** من طريق واصل بن عبد الأعلى بهذا السند ۔ قال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه ۔

6144- الحديث سبق برقم: **6142,6059** فراجعه ۔

6145- أخرجه البخارى رقم الحديث: **5375** من طريق يوسف بن عيسى' حدثنا محمد بن فضيل به ۔ وأخرجه أحمد جلد**2**صفحه**515** ۔ والترمذى رقم الحديث: **2479** من طريق عمر بن ذر' عن مجاهد' أن أبا هريرة ۔

Marfat.com
Marfat.com

فَدَخَلَ دَارَهُ وَفَتَحَهَا عَلَيَّ، قَالَ: فَمَشَيْتُ غَيْرَ بَعِيدٍ فَخَرَرْتُ لِوَجْهِي مِنَ الْجَهْدِ، فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلَى رَأْسِي، فَقَالَ: يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَسَعْدَيْكَ، قَالَ: فَأَخَذَ بِيَدِي قَالَ: فَأَقَامَنِي وَعَرَفَ الَّذِي بِي، فَانْطَلَقَ بِي إِلَى رَحْلِهِ فَأَمَرَ لِي بِعُسٍّ مِنْ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ، ثُمَّ قَالَ: عُدْ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، فَعُدْتُ فَشَرِبْتُ مِنْهُ، ثُمَّ قَالَ: عُدْ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ، فَعُدْتُ فَشَرِبْتُ حَتَّى اسْتَوَى بَطْنِي فَصَارَ كَالْقِدْحِ، قَالَ: وَرَأَيْتُ عُمَرَ فَذَكَرْتُ لَهُ الَّذِي كَانَ مِنْ أَمْرِي، قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: تَوَلَّى ذَلِكَ مَنْ كَانَ أَحَقَّ بِهِ مِنْكَ يَا عُمَرُ، وَاللّٰهِ لَقَدِ اسْتَقْرَأْتُكَ الْآيَاتِ وَلَأَنَا أَقْرَأُ لَهَا مِنْكَ، قَالَ عُمَرُ: وَاللّٰهِ لَأَنْ أَكُونَ أَدْخَلْتُكَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَكُونَ لِي حُمْرُ النَّعَمِ

چلا دور تھا کہ میں چہرے کے بل گر پڑا۔ بھوک کی وجہ سے۔ دیکھو (تو وسوسہ کی باتوں کو جاننے والا) حضور ﷺ میرے سر پہ کھڑے ہیں۔ فرمایا: اے ابو ہریرہ! میں نے عرض کی: لبیک یا رسول اللہ! آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے کھڑا کیا۔ میرے چہرے پر بھوک پہچان لی۔ مجھے اپنے گھر لے گئے، مجھے حکم دیا دودھ کا پیالہ لینے کا۔ میں نے اس سے پیا، پھر فرمایا: دوبارہ پیو۔ میں نے دوبارہ پیا۔ پھر فرمایا: دوبارہ پیو، میں نے دوبارہ پیا یہاں تک کہ میرا پیٹ درست ہو گیا۔ سیدھا ہو گیا نیزے کی طرح۔ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا۔ میں نے اس بات کا ذکر جو معاملہ تھا میں نے آپ ﷺ سے عرض کی۔ اس سے پھر جو آپ ﷺ سے بہتر تھے اے عمر! اللہ کی قسم۔ میں نے آپ رضی اللہ عنہ سے آیات پوچھیں تھیں کیونکہ میں نے اسی لیے پڑھیں تھیں آپ سے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! آپ رضی اللہ عنہ کا میرے پاس آنا میرے لیے سرخ اونٹوں سے بہتر تھا۔

6146 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ، عَنْ يَزِيدَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ عَلَى الْمُشْرِكِينَ، قَالَ: إِنِّي لَمْ أُبْعَثْ لَعَّانًا، إِنَّمَا بُعِثْتُ رَحْمَةً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عرض کی گئی: یارسول اللہ! مشرکین کے خلاف دعا کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں لعنت کرنے والا بنا کر نہیں بھیجا گیا بلکہ میں رحمت بنا کر بھیجا گیا ہوں۔

6147 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور

6146- أخرجه البخاری فی الأدب المفرد رقم الحديث: **321** قال: حدثنا عبد اللّٰه بن محمد . ومسلم جلد**8** صفحه**24** قال: حدثنا محمد بن عباد وابن أبی عُمر .

6147- أخرجه أحمد جلد**2** صفحه**434** قال: حدثنا يحيٰى بن سعيد' عن يزيد بن كيسان . والبخاری جلد **7** صفحه **87**

Marfat.com
Marfat.com

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: مَا أَشْبَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَهُ ثَلَاثًا تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ الْبُرِّ حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آپ ﷺ کے خاندان نے لگاتار تین دن گندم کی روٹی نہیں کھائی یہاں تک کہ دنیا سے تشریف لے گئے۔

6148 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَذَاكَرْنَا لَيْلَةَ الْقَدْرِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّكُمْ يَذْكُرُ لَيَالِيَنَا الصَّهْبَاءَ بِحُنَيْنٍ حِينَ طَلَعَ الْقَمَرُ وَهُوَ مِثْلُ شِقِّ جَفْنَةٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ ہم نے لیلۃ القدر کا مذاکرہ کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم میں کون ہماری رنگدار راتوں کا ذکر کر رہا تھا۔ حنین کے ساتھ جب چاند طلوع ہوتا ہے تو وہ مٹھی کی ایک جانب کی مثل ہوتا ہے۔

6149 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَخَذَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ الشَّفْرَةَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ الْأَنْصَارِيِّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِيَّاكَ وَالْحَلُوبَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک انصار کے آدمی نے چھری پکڑی حضور ﷺ انصاری کے گھر میں تھے آپ ﷺ نے فرمایا: دودھ دینے والی سے بچنا۔

6150 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ، حَدَّثَنَا مَرْوَانُ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ

قال: حدثنا يوسف بن عيسى . قال: حدثنا محمد بن فُضَيل .

6148- أخرجه مسلم رقم الحديث: **1170** . والبيهقي في الكبرى جلد **4** صفحه **312** من طريق محمد بن عباد . وأخرجه البيهقيّ جلد**4** صفحه **312** من طريق هشام بن عمار، وعبد الرحمٰن بن ابراهيم الدمشقي .

6149- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3180** من طريق عبد الرحمٰن بن ابراهيم، حدثنا مروان بن معاوية به . وأخرجه مطولًا مسلم رقم الحديث: **2038** . وابن ماجة رقم الحديث: **3180** من طريق أبي بكر بن أبي شيبة حدثنا حلف بن خليفة . وأخرجه الطبري في التفسير جلد**30** صفحه **287** من طريق الوليد .

6150- أخرجه أحمد جلد**2** صفحه **434** قال: حدثنا يحيٰى . وفي جلد **2** صفحه **441** قال: حدثنا محمد بن عُبيد . ومسلم جلد**1** صفحه **41** قال: حدثنا محمد بن عباد وابن أبي عمر، قالا: حدثنا مروان .

Marfat.com
Marfat.com

عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي طَالِبٍ حِينَ حَضَرَهُ الْمَوْتُ: قُلْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ أَشْفَعُ لَكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ، قَالَ: يَا ابْنَ أَخِي لَوْلَا أَنْ تُعَيِّرَنِي قُرَيْشٌ لَأَقْرَرْتُ عَيْنَكَ بِهَا، فَنَزَلَتْ (إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ) (القصص:56)

نے حضرت ابو طالب رضی اللہ عنہ سے کہا جس وقت ان کا آخری وقت آیا کہ تم کہو لا الہ الا اللہ۔ میں قیامت کے دن آپ رضی اللہ عنہ کی شفاعت کروں گا۔ حضرت ابو طالب رضی اللہ عنہ نے کہا: اے میرے بھائی کے بیٹے! اگر قریش مجھے عار نہ دلاتے میں ضرور اقرار کر کے تیری آنکھوں کو ٹھنڈا کرتا۔ تو یہ آیت نازل ہوئی: ''اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ''۔

6151- وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ سَمِعْنَا وَجْبَةً فَزِعْنَا لَهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ هَذَا حَجَرٌ أُقْذِفَ بِهِ فِي جَهَنَّمَ مُنْذُ سَبْعِينَ خَرِيفًا فَهَذَا حِينَ سَقَطَ فِيهَا فَسَمِعْتُمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔ اچانک ہم نے گرنے کی آواز سنی ہم اس سے خوف زدہ ہو گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ پتھر تھا جو جہنم میں ستر سال گرتا رہا تھا آج اس کی تہہ تک پہنچا ہے، جو تم نے سنا ہے۔

6152- حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْأَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْشِدُوا فَإِنِّي سَأَقْرَأُ عَلَيْكُمْ ثُلُثَ الْقُرْآنِ ، فَحَشَدُوا فَقَرَأَ عَلَيْنَا (قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ) (الإخلاص:1) ، حَتَّى خَتَمَهَا، ثُمَّ دَخَلَ فَقَالَ بَعْضُنَا: قَدْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَأَقْرَأُ عَلَيْكُمْ ثُلُثَ الْقُرْآنِ وَلَمْ يَقْرَأْ مَا هَذَا إِلَّا لِخَبَرٍ جَاءَهُ مِنَ السَّمَاءِ، قَالَ:

الْحَسَنُ، عَنْ أَبِي

وہ احادیث جو حسن بصری، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے

6194- أورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 17 وقال: رواه البزار والطبراني في الأوسط والصغير ورجاله رجال الصحيح . وأخرجه البزار برقم: 3 . وأبو نعيم في الحلية جلد 5 صفحه 46 .

6195- الحديث في المقصد العلي برقم: 625 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 20 وقال: رواه أبو يعلى من رواية حنش العبدي، ولم أجد من ترجمه .

Marfat.com
Marfat.com

هُرَيْرَةَ

6196 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زِيَادٍ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَأَ يس فِي لَيْلَةٍ أَصْبَحَ مَغْفُورًا لَهُ، وَمَنْ قَرَأَ حم الَّتِي يُذْكَرُ فِيهَا الدُّخَانُ فِي لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ أَصْبَحَ مَغْفُورًا لَهُ

6197 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْهَبِ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: لَقِيَ أَبُو هُرَيْرَةَ رَجُلًا بِالْمَدِينَةِ فَقَالَ لَهُ: كَأَنَّكَ لَسْتَ مِنْ أَهْلِ هَذَا الْبَلَدِ، قَالَ: أَجَلْ، قَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكَ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَسَى اللَّهُ أَنْ يَنْفَعُكَ بِهِ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَوَّلُ مَا يُحَاسَبُ بِهِ ابْنُ آدَمَ صَلَاتُهُ، يَقُولُ اللَّهُ لِمَلَائِكَتِهِ: انْظُرُوا فِي صَلَاةِ عَبْدِي، فَإِنْ وَجَدُوهَا كَامِلَةً كُتِبَتْ لَهُ كَامِلَةً، وَإِنْ وَجَدُوهَا انْتَقَصَ مِنْهَا شَيْئًا، قَالَ: انْظُرُوا هَلْ تَجِدُونَ لَهُ مِنْ تَطَوُّعٍ؟ قَالَ: فَتُكَمَّلُ صَلَاتُهُ مِنْ تَطَوُّعِهِ وَتُؤْخَذُ الْأَعْمَالُ عَلَى قَدْرِ ذَلِكَ

روایت کرتے ہیں

حضرت امام حسن بصری فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے رات کو سورہ یٰسین پڑھی اس نے صبح بخشش کی حالت میں۔ جس نے حم پڑھی جس میں دھوئیں کا ذکر ہے جمعہ کی رات کو اس نے صبح بخشش کی حالت میں کی۔

حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو مدینہ شریف میں ملا۔ آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو کہا: لگتا ہے کہ آپ اس شہر کے رہنے والے نہیں ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں آپ کو وہ حدیث نہ سناؤں جو میں نے اپنے آقا کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سنی ہے ہوسکتا ہے کہ اللہ عزوجل تجھے اس سے نفع دے؟ اس نے کہا: کیوں نہیں؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن سب سے پہلے بندہ سے حساب وکتاب نماز کے متعلق ہوگا۔ اللہ عزوجل فرمائے گا دیکھو میرے بندے کی نماز اگر مکمل پاؤ اس کو مکمل لکھ دو، اگر اس میں کوئی کمی پاؤ تو دیکھو اس کے نفلوں سے اس کی نماز مکمل ہو جائے۔ اعمال پکڑے جائیں اس کی

6196- أخرجه ابن السنى فى عمل اليوم والليلة برقم: **674** . والطيالسى جلد**2**صفحه**23** . والدارمى جلد **2** صفحه**457** . والطبرانى فى الصغير جلد**1**صفحه**149** .

6197- أخرجه أحمد جلد **2**صفحه**290** . وابن ماجة رقم الحديث: **1425** قال: حدثنا أبو بكر بن أبى شيبة ومحمد بن بشار . وأبو داؤد رقم الحديث:**864** قال: حدثنا يعقوب بن ابراهيم .

Marfat.com
Marfat.com

مقدار پر۔

6198 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلاثٍ لَا أَدَعُهُنَّ أَبَدًا: الْوِتْرُ قَبْلَ النَّوْمِ، وَصَوْمُ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ، وَالْغَسْلُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وصیت کی ہے کہ میں ان کو ہمیشہ نہیں چھوڑوں گا۔ (۱) وتر سونے سے پہلے، (۲) ہر ماہ تین روزے اور (۳) جمعہ کے دن غسل۔

6199 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَعَدَ بَيْنَ شُعَبِهَا الْأَرْبَعِ ثُمَّ أَجْهَدَ، فَقَدْ وَجَبَ عَلَيْهِمَا الْغُسْلُ وَإِنْ لَمْ يُنْزِلْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی جب اپنی بیوی سے چار زنوں میں بیٹھ جائے پھر کوشش کرے اس پر غسل واجب ہو جاتا ہے اگرچہ انزال نہ ہو۔

6200 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي سُلَيْطٍ قَالَ: كُنْتُ فِي ضَيْعَةٍ لِي، فَرَأَيْتُ جَمْعًا فَقُلْتُ: مَا هَذَا؟ قَالُوا: رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعِظُ أَصْحَابَهُ، فَأَدْخَلْتُ رَأْسِي بَيْنَ النَّاسِ فَإِذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ- ثَلاثَ مَرَّاتٍ- لَا يَظْلِمُهُ، وَلَا يَخْذُلُهُ، التَّقْوَى هَا هُنَا، وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى صَدْرِهِ

حضرت امام حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے صحابہ کو نصیحت کر رہے تھے کہ میں نے اپنا سر لوگوں کے درمیان سے داخل کیا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے: مسلمان مسلمان کا بھائی ہے اس پر ظلم اور اس کو ذلیل نہیں کرتا، تقویٰ یہاں ہے۔ سینہ کی طرف اشارہ کیا۔

6198- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**473,472,233,229** . والنسائی جلد**4**صفحه**218** . والطبرانی فی الصغير جلد**1**صفحه**179** .

6199- أخرجه أحمد جلد **2**صفحه**234** قال: حدثنا عمرو بن الهيثم بن قطن' وهو أبو قطن' قال: حدثنا هشام . وفی جلد**2**صفحه**347** قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا همام وأبان .

6200- الحديث فی المقصد العلی برقم: **1718** . وأورده الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد **8**صفحه**184** وقال: رواه أحمد بأسانيد' واسناده حسن' ورواه أبو يعلٰی بنحوه .

Marfat.com
Marfat.com

6201 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يَأْخُذُ مِمَّا فَرَضَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ كَلِمَةً أَوِ اثْنَتَيْنِ، أَوْ ثَلاثًا، أَوْ أَرْبَعًا، أَوْ خَمْسًا فَصَرَّهُنَّ فِي طَرَفِ ثَوْبِهِ فَيَتَعَلَّمُهُنَّ؟ ، قَالَ: فَنَشَرْتُ ثَوْبِي وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُ، ثُمَّ ضَمَمْتُهُ، فَأَرْجُو أَنْ لا أَكُونَ نَسِيتُ حَدِيثًا مِمَّا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کون ہے جو لے گا اس میں سے جو اللہ اور اس کے رسول نے فرض کیا ہے ایک کلمہ یا دو یا تین یا چار یا پانچ۔ ان کو ایک کپڑے میں پھینک دیا، ان کو سکھائے۔ فرماتے ہیں: میں نے کپڑا بچھا دیا جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیان کرنے لگے۔ پھر میں نے سینہ سے لگا لیا۔ میں امید کرتا ہوں کہ میں کوئی حدیث بھولوں گا نہیں اس میں سے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمائی ہے۔

6202 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ الْجِيزِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي أُمَيَّةَ عَبْدِ الْكَرِيمِ قَالَ: حَدَّثَ الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لا يَقْبَلُ اللَّهُ صَلاةً إِلَّا بِطُهُورٍ، وَلا صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نماز بغیر وضو کے اور صدقہ خیانت سے قبول نہیں کرتا ہے۔

6203 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنِ الْحَسَنِ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ، وَنَحْنُ إِذْ ذَاكَ بِالْمَدِينَةِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُعْرَضُ

حضرت حسین فرماتے ہیں: اس وقت ہم مدینہ میں تھے' حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں حدیث بیان کی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن اعمال پیش کیے جائیں گے' پس نماز آ کر کہے گی: اے میرے رب!

6201- الحديث سبق برقم: **6191** فراجعه .

6202- أخرجه أبو عوانة جلد **1** صفحه **236** من عدة طرق . وأخرجه البزار جلد **1** صفحه **133** من طريقين' وقال: لا نعلمه يروى عن أبى هريرة الا بهذا الاسناد وقد رواه عن كثير غير سليمان .

6203- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1903** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **345** وقال: رواه أحمد' وأبو يعلى' والطبرانى فى الأوسط وزاد.....' وفيه عباد بن راشد وثقه أبو حاتم وغيره' وضعفه جماعة' وبقية رجال أحمد رجال الصحيح .

Marfat.com
Marfat.com

الْأَعْمَالُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَتَجِيءُ الصَّلَاةُ فَتَقُولُ: أَيْ رَبِّ إِنِّي الصَّلَاةُ، فَيَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: إِنَّكِ عَلَى خَيْرٍ ثُمَّ تَجِيءُ الصَّدَقَةُ، فَتَقُولُ: أَيْ رَبِّ إِنِّي الصَّدَقَةُ، فَيَقُولُ: إِنَّكِ عَلَى خَيْرٍ، وَيَجِيءُ الصِّيَامُ وَتَجِيءُ الْأَعْمَالُ كَذَلِكَ فَتَقُولُ: أَيْ رَبِّ وَيَجِيءُ -أَحْسَبُهُ قَالَ: - الْإِسْلَامُ، فَيَقُولُ: أَيْ رَبِّ أَنْتَ السَّلَامُ وَأَنَا الْإِسْلَامُ، فَيَقُولُ اللَّهُ: إِنَّكَ عَلَى خَيْرٍ، بِكَ آخُذُ الْيَوْمَ وَبِكَ أُعْطِي ، ثُمَّ قَالَ الْحَسَنُ: (إِنَّ الدِّينَ عِنْدَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ) (آل عمران: 19)، (وَمَنْ يَبْتَغِ غَيْرَ الْإِسْلَامِ دِينًا فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْآخِرَةِ مِنَ الْخَاسِرِينَ) (آل عمران: 85)

میں نماز ہوں۔ اللہ فرمائے گا: بے شک تُو بھلائی پر ہے۔ پھر صدقہ آ کر عرض کرے گا: اے میرے رب! میں صدقہ ہوں! اللہ فرمائے گا: تُو بھلائی پر ہے۔ روزہ اور اسی طرح دیگر اعمال آئیں گے اور اپنے رب کی بارگاہ میں اپنا آپ پیش کر کے اے میرے رب کہیں گے اور میرا گمان ہے کہ آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ اسلام بھی آ کر عرض کرے گا کہ اے میرے رب! تُو سلام ہے اور میں اسلام ہوں۔ پس اللہ فرمائے گا: تُو بھی بھلائی پر ہے' تیرے بدلے ہی آج میں پکڑ کروں گا اور تیرے بدلے ہی عطا کروں گا۔ پھر حضرت امام حسن بصری نے فرمایا: بے شک اللہ کے نزدیک پسندیدہ دین' اسلام ہے۔ ''اور جو آدمی اسلام کو چھوڑ کر (اس سے منہ موڑ کر) کوئی دین تلاش کرے تو اس سے قبول نہیں کیا جائے گا اور وہ آخرت میں گھاٹا پانے والوں میں سے ہوگا''۔

6204 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمُقَدَّمِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَأَ سُورَةَ الدُّخَانِ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ أَصْبَحَ مَغْفُورًا لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے سورۂ دخان پڑھی جمعہ کی رات کو اس نے صبح بخشش کی حالت میں کی۔

6205 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، وَزَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى قَالَا: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ أَبِي خَيْرَةَ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ وہ سود کھائیں گے۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! سب؟ آپ ﷺ نے

6204- الحديث سبق برقم: **6196** فراجعه .

6205- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **494** وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **3331** من طريق محمد بن عيسى .
وأخرجه البيهقي جلد **5** صفحه **275** من طريق أبي الربيع . ثلاثتهم حدثنا هشيم' بهذا السند .

Marfat.com
Marfat.com

يُحَدِّثُ عَنِ الْحَسَنِ، - أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ، مُنْذُ نَحْوٍ مِنْ أَرْبَعِينَ سَنَةً - عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَأْكُلُونَ فِيهِ الرِّبَا ، قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كُلُّهُمْ؟ قَالَ: مَنْ لَمْ يَأْكُلْهُ مِنْهُمْ نَالَهُ مِنْ غُبَارِهِ

فرمایا: جونہیں کھائے گا اس کو اس کا غبار ضرور پہنچے گا۔

6206 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ الشَّهِيدِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيُسَلِّمِ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِي، وَالْمَاشِي عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيلُ عَلَى الْكَثِيرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سوار چلنے والے اور چلنے والا بیٹھے ہوئے اور تھوڑے والا زیادہ کو سلام کریں۔

6207 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الرَّجُلَ لَيَتَكَلَّمُ بِالْكَلِمَةِ فَمَا يَرَى أَنْ تَبْلُغَ حَيْثُ بَلَغَتْ، يَهْوِي بِهَا فِي النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی ایک کلمہ ی گفتگو کرتا ہے وہ خیال نہیں کرتا اس کی وجہ سے کہاں پہنچی ہے وہ۔ وہ جہنم میں اس کی وجہ سے ڈالا گیا ستر ہزار سال تک۔

6208 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: أَوْصَانِي خَلِيلِي بِثَلَاثٍ، الْحَدِيثَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے خلیل صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے وصیت کی ہے کہ میں ان کو ہمیشہ نہیں چھوڑوں گا۔ آگے مکمل حدیث بیان کی۔

6209 - حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی

6206- اخرجه أحمد جلد **2** صفحه **510** . والترمذى رقم الحديث: **2703** قال: حدثنا محمد بن المثنى وابراهيم بن يعقوب . والبخارى جلد **8** صفحه **64** وفى الأدب المفرد رقم الحديث: **1000** قال: حدثنا محمد بن سلام .

6207- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **355** قال: حدثنا أسود بن عامر . وفى جلد **2** صفحه **533** قال: حدثنا عبد الرحمٰن يعنى ابن مهدى .

6208- الحديث سبق برقم: **6198** فراجعه .

6209- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **414** قال: حدثنا عفان . والنسائى جلد **6** صفحه **168** قال: أخبرنا اسحاق

Marfat.com
Marfat.com

حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمُخْتَلِعَاتُ وَالْمُنْتَزِعَاتُ هُنَّ الْمُنَافِقَاتُ

کریم ﷺ نے فرمایا: خلع کرنے والیاں اور خوبصورتی کیلئے بال اکھیڑنے والیاں ہی اصل میں منافق ہیں۔

6210 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ سَمْحَ الْبَيْعِ، سَمْحَ الشِّرَاءِ، سَمْحَ الْقَضَاءِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ پسند کرتا ہے فروخت' خریداور فیصلہ کرنے میں نرمی کو۔

6211 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الثَّقَفِيُّ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پچھنے لگانے والا اور لگوانے والا دونوں روزہ نہ رکھیں'

6212 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو طَارِقٍ السَّعْدِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَأْخُذُ عَنِّي هَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ فَيَعْمَلُ بِهِنَّ أَوْ يُعَلِّمُهُنَّ مَنْ يَعْمَلُ بِهِنَّ؟ ، قَالَ: قُلْتُ: أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: فَأَخَذَ بِيَدِي فَعَدَّ فِيهَا خَمْسًا وَقَالَ: اتَّقِ الْمَحَارِمَ تَكُنْ أَعْبَدَ النَّاسِ، وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللَّهُ لَكَ تَكُنْ أَغْنَى النَّاسِ،

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھ سے یہ کلمات سیکھ لے' پس وہ ان پر عمل کمائے یا اس کو یہ کلمات سکھائے جو (ان کو سیکھ کر) ان پر عمل کمائے۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے عرض کی: میں! اے اللہ کے رسول! فرماتے ہیں: پس آپ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑ کر اس میں پانچ کو گنا اور فرمایا: حرام کی ہوئی چیزوں سے بچو' سب لوگوں سے بڑے عابد بن جاؤ گے' راضی رہو اس تقسیم کے ساتھ جو

بن ابراهيم ۔ قال: أنبأنا المخزومي' وهو المغيرة بن سلمة ۔

6210- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **1319** قال: حدثنا أبو كريب ۔ قال: حدثنا اسحاق بن سليمان الرازي' عن مغيرة بن مسلم' عن يونس' عن الحسن' فذكره ۔

6211- الحديث سبق برقم: **5823** فراجعه ۔

6212- الحديث سبق برقم: **5839** فراجعه ۔

Marfat.com
Marfat.com

وَأَحْسِنْ إِلَى جَارِكَ تَكُنْ مُؤْمِنًا، وَأَحِبَّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ تَكُنْ مُسْلِمًا، وَلَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ فَإِنَّ كَثْرَةَ الضَّحِكِ تُمِيتُ الْقَلْبَ

اللہ نے تمہارے لیے فرمائی ہے' تمام لوگوں سے زیادہ غنی بن جاؤ گے' اپنے پڑوسی سے احسان کرو' لوگوں کے لیے وہی پسند کرو جو اپنے لیے پسند کرتے ہو' سچے مسلمان بن جاؤ گے اور زیادہ نہ ہنسو کیونکہ زیادہ ہنسنا' دل کو مردہ بنا دیتا ہے۔

6213 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ أَبِي خَيْرَةَ، يُحَدِّثُ دَاوُدَ بْنَ أَبِي هِنْدَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَأْكُلُونَ فِيهِ الرِّبَا، قَالُوا: كُلُّ النَّاسِ أَوِ النَّاسُ كُلُّهُمْ؟ قَالَ: مَنْ لَمْ يَأْكُلْهُ نَالَهُ مِنْ غُبَارِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں پر ایک زمانہ آئے گا کہ جس میں وہ سودخود بن جائیں گے۔ صحابہ نے عرض کی: سارے لوگ؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اسے نہیں کھائے گا تو وہ اس کا غبار تو ضرور پائے گا۔ صحابہ نے ''کل الناس'' یا ''الناس کلهم'' کا لفظ استعمال کیا۔

أَبُو عُبَيْدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

وہ احادیث ابوعبید' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6214 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ، مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَأَنْ يَحْتَزِمَ أَحَدُكُمْ حُزْمَةٍ مِنْ حَطَبٍ فَيَحْمِلَهَا عَلَى ظَهْرِهِ فَيَبِيعَهَا خَيْرٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے کسی ایک کا لکڑیوں کا گٹھا باندھ کر اپنی پیٹھ پر اُٹھا لینا' اس کے بعد اسے بیچ ڈالنا بہتر ہے' اس سے کہ وہ کسی آدمی سے مانگے' پس وہ اسے دے یا نہ دے۔

6213- الحديث سبق برقم: **6205** فراجعه .

6214- الحديث سبق برقم: **6001** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

لَهُ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ رَجُلًا فَيُعْطِيَهُ أَوْ يَمْنَعَهُ

6215 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بَصْرِيٌّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي عُبَيْدٍ، مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ أَحَدٍ يُدْخِلُهُ عَمَلُهُ الْجَنَّةَ ، قَالُوا: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِيَ اللَّهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی آدمی اپنے عمل کی وجہ سے جہنم میں داخل نہیں ہوگا۔ عرض کی گئی: یا رسول اللہ! آپ بھی؟ فرمایا: میں بھی مگر مجھے اللہ نے اپنی رحمت سے ڈھانپ لیا ہے۔

طَاوُسٌ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

وہ احادیث جو حضرت طاؤس، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6216 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ مَرَّةً وَلَمْ يَرْفَعْهُ، أَنَّ سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَلَفَ بِيَمِينٍ لَيُطِيفَنَّ اللَّيْلَةَ بِتِسْعِينَ امْرَأَةً كُلُّهُنَّ تَلِدُ غُلَامًا يُقَاتِلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَقَالَ الْمَلَكُ أَوْ صَاحِبُهُ: قُلْ إِنْ شَاءَ اللَّهُ فَنَسِيَ فَطَافَ بِهِنَّ، فَلَمْ تَجِئْ امْرَأَةٌ بِشَيْءٍ إِلَّا وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ جَاءَتْ بِشِقِّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے قسم اٹھائی کہ آج وہ نوے (۹۰) بیویوں کے پاس جائیں گے۔ سب کے ہاں اولاد ہوگی۔ وہ اللہ کی راہ میں لڑیں گے۔ وہ ان شاء اللہ کہنا بھول گئے۔ وہ سب بیویوں کے پاس گئے، کسی عورت کے ہاں بچہ نہیں ہوا مگر ایک کہ وہ ایک بچے کا کچھ حصہ تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر حضرت سلیمان علیہ السلام نے استثنا کیا ہوتا تو حانث نہ ہوتے، وہ اپنی

6215- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **264** قال: حدثنا أبو كامل . قال: حدثنا ابراهيم بن سعد . والبخارى جلد **7** صفحه **157** قال: حدثنا أبو اليمان .

6216- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1175** قال: حدثنا سفيان . قال: حدثنا هشام بن حجير التيمى . وأحمد جلد **2** صفحه **275** قال: حدثنا عبد الرزاق . قال: حدثنا معمر، عن ابن طاووس .

Marfat.com
Marfat.com

غُلَامٍ ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ سُلَيْمَانَ اسْتَثْنَى لَمْ يَحْنَثْ فَكَانَ دَرَكًا لَهُ فِي حَاجَتِهِ

ضرورت میں لگ گئے تھے۔

6217 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ طَاوُسًا، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ، يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: احْتَجَّ آدَمُ وَمُوسَى، فَقَالَ مُوسَى: يَا آدَمُ أَنْتَ أَبُونَا وَأَخْرَجْتَنَا مِنَ الْجَنَّةِ بِذَنْبِكَ، قَالَ لَهُ آدَمُ: يَا مُوسَى اصْطَفَاكَ اللّٰهُ، وَخَطَّ لَكَ التَّوْرَاةَ بِيَدِهِ لِمَ تَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ قَدَّرَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِي بِأَرْبَعِينَ سَنَةً، فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ و آدم علیہما السلام کا جھگڑا ہوا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے آدم! آپ ہمارے باپ ہیں، ہم کو آپ علیہ السلام نے جنت سے نکلوایا اپنے گناہ کی وجہ سے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: اللہ نے آپ علیہ السلام کو چنا اور تورات کی تختیاں اپنی جانب سے دیں۔ آپ علیہ السلام مجھے ملامت کیوں کرتے ہو؟ اس کام پر جو اللہ نے لکھا تھا، چالیس سال میرے پیدا ہونے سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام پر غالب آگئے۔

6218 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، وَأَبُو بَكْرِ بْنِ زَنْجَوَيْهِ قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَلَفَ فَقَالَ: إِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَمْ يَحْنَثْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قسم اٹھائی اور کہا: ان شاء اللہ وہ حانث نہیں ہوا۔

6219 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ ہر ایک کو اس کی نیتوں پر

6217- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1115** . وأحمد جلد **2**صفحه**248** . والبخارى جلد **8**صفحه**157** قال: حدثنا على ابن عبد الله .

6218- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**309** . وابن ماجة رقم الحديث: **2104** قال: حدثنا العباس بن عبد العظيم العنبرى . والترمذى رقم الحديث: **1532** قال: حدثنا يحيىٰ بن موسىٰ .

6219- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **4229** من طريق أحمد بن سنان' ومحمد بن يحيىٰ قالا: حدثنا يزيد ابن هارون كلاهما عن شريك بهذا السند .

Marfat.com
Marfat.com

يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُبْعَثُ النَّاسُ عَلَى نِيَّاتِهِمْ

اٹھائے گا۔

الْأَعْرَجُ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

وہ احادیث جو حضرت اعرج، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

6220 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَقُولُ: إِنَّكُمْ تَزْعُمُونَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ يُكْثِرُ الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهُ الْمَوْعِدُ كُنْتُ رَجُلًا مِسْكِينًا أَخْدُمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مِلْءِ بَطْنِي، وَكَانَ الْمُهَاجِرُونَ يَشْغَلُهُمُ الصَّفْقُ بِالْأَسْوَاقِ، وَكَانَتِ الْأَنْصَارُ يَشْغَلُهُمُ الْقِيَامُ عَلَى أَمْوَالِهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَبْسُطُ ثَوْبَهُ فَلَمْ يَنْسَ شَيْئًا سَمِعَهُ مِنِّي؟ ، فَبَسَطْتُ ثَوْبِي حَتَّى قَضَى حَدِيثَهُ، ثُمَّ ضَمَمْتُهَا إِلَيَّ فَمَا نَسِيتُ شَيْئًا سَمِعْتُهُ مِنْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم گمان کرتے ہو کہ ابوہریرہ بہت زیادہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے حدیثیں بیان کرتا ہے۔ اللہ کی قسم! اس کے وعدہ کا ایک وقت ہے۔ میں مسکین آدمی ہوں۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتا ہوں، اپنے پیٹ پر باندھ کر مہاجرین لوگ بازار میں کاروبار میں مشغول ہوتے ہیں۔ انصار بھائی اپنے اموال پر لگے رہتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کپڑا بچھائے گا۔ وہ کوئی شے نہیں بھولے گا جو اس نے میرے حوالہ سے سنی ہے۔ میں نے کپڑا بچھائے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بات مکمل فرمائی۔ پھر میں نے اپنے سینہ سے لگایا اس کو اس کے بعد میں کوئی شے نہیں بھولا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی تھی۔

6221 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسلمان بھائی دیوار میں

6220- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1142** ۔ وأحمد جلد **2** صفحه **240** قالا: حدثنا سفيان ۔ وفى جلد **2** صفحه **240** قال أحمد: حدثنا اسحاق بن عيسى ۔ قال: أخبرنا مالك ۔

6221- أخرجه مالك (الموطأ) صفحه **464** ۔ والحميدى رقم الحديث: **1076** قال: حدثنا سفيان ۔ وأحمد جلد **2** صفحه **240** قال: حدثنا سفيان ۔

Marfat.com
Marfat.com

أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اسْتَأْذَنَ أَحَدُكُمْ جَارَهُ أَنْ يَغْرِزَ خَشَبَةً فِي جِدَارِهِ فَلَا يَمْنَعْهُ

گاڑ رکھنے کی اجازت مانگتے، اس کو منع نہ کرو۔

6222 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيمَةِ، يُدْعَى إِلَيْهَا الْأَغْنِيَاءُ وَيُتْرَكُ الْمَسَاكِينُ، وَمَنْ لَمْ يَأْتِ الدَّعْوَةَ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بدترین ولیمہ کا کھانا وہ ہے جس کی طرف مال داروں کو دعوت دی جائے اور حق داروں کو چھوڑا جائے اور جو دعوت قبول نہ کرے اس نے ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔

6223 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَأَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ، وَكُلٌّ عَلَى خَيْرٍ، احْرِصْ عَلَى مَا يَنْفَعُكَ، وَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَلَا تَعْجِزْ، وَإِنْ أَصَابَكَ شَيْءٌ فَلَا تَقُلْ: لَوْ أَنِّي فَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا، وَلَكِنْ قُلْ: قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ، فَإِنَّ لَوْ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: طاقت والا مومن کمزور مومن سے بہتر ہے اور اللہ کے ہاں پسندیدہ ہے ہر ایک بھلائی ہے، تو اس پر حریص ہو جو تجھے نفع دے۔ اللہ سے مدد طلب کر، عاجز نہ ہو، اگر تجھے کوئی مصیبت پہنچے تو یہ نہ کہا کر کہ اگر میں یہ اور یہ کر لیتا۔ لیکن یہ کہو اللہ نے مقدر میں لکھا اور جو اس نے چاہا تھا وہ ہوا ہے، کیونکہ لفظ "لو" یعنی اگر شیطان کے عمل کے دروازے کو کھول دیتا ہے۔

6224 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: ذُكِرَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے چاند کا ذکر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب چاند دیکھو تو روزے رکھو۔ جب دیکھو تو افطار کرو، اگر

6222- الحديث سبق برقم: **5865** فراجعه .

6223- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **266** قال: حدثنا خلف بن الوليد، قال: حدثنا ابن مبارك، عن محمد بن عجلان، عن ربيعة . وفي جلد **2** صفحه **370** قال: حدثنا عارم، قال: حدثنا عبد الله بن مبارك .

6224- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **286** . ومسلم جلد **3** صفحه **124** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة . والنسائي جلد **4** صفحه **134** قال: أخبرنا أبو بكر بن علي صاحب حمص .

Marfat.com
Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْهِلَالُ فَقَالَ: إِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَصُومُوا، وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَفْطِرُوا، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَعُدُّوا ثَلَاثِينَ

آسمان غبار آلود ہوتو تیس مکمل کرو۔

6225 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عُرِضَ عَلَيْهِ رَيْحَانٌ فَلَا يَرُدَّهُ، فَإِنَّهُ خَفِيفُ الْمَحْمَلِ طَيِّبُ الرِّيحِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کو خوشبو دی جائے وہ واپس نہ کرے کیونکہ اس کو اُٹھانا آسان ہے اور اچھی خوشبو ہے۔

6226 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ: أَخْبَرَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا سَمِعْتُمْ صَوْتَ الدِّيَكَةِ فَإِنَّهَا رَأَتْ مَلَكًا فَسَلُوا وَارْغَبُوا، وَإِذَا سَمِعْتُمْ نُهَاقَ الْحِمَارِ فَإِنَّهَا رَأَتْ شَيْطَانًا فَاسْتَعِيذُوا بِاللَّهِ مِنْ شَرِّ مَا رَأَتْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب مرغ کی آواز سنو کیونکہ وہ اذان فرشتے کو دیکھ کر دیتا ہے تو اللہ سے مانگو اور رغبت کرو۔ جب تم گدھے کے ہینگنے کی آواز سنو کیونکہ وہ شیطان کو دیکھتا ہے اللہ کی پناہ مانگو جو اس نے دیکھا اس کے شر سے۔

6227 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُمْ فَلْيَجْعَلْ فِي أَنْفِهِ ثُمَّ لِيَسْتَنْثِرْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں کوئی وضو کرے تو اپنے ناک میں پانی ڈالے اس کو صاف کرے۔

6228 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6225- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**320** . ومسلم جلد**7**صفحه**48** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة وزهير بن حرب . وأبو داؤد رقم الحديث: **4172** قال: حدثنا الحسن بن علي وهارون بن عبد الله .

6226- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**306** قال: حدثنا هاشم .

6227- أخرجه والحميدي: **957** قال: حدثنا سفيان .

Marfat.com
Marfat.com

عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ الْكَلَأُ

نے فرمایا: کوئی بچے ہوئے پانی سے منع نہ کرے تا کہ اس کے ساتھ گھاس اگ جائے۔ (جو اس کے کھیت کو لگانے کے بعد بچا ہے)

6229 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشَّيْخُ شَابَ عَلَى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: حُبِّ الْعَيْشِ، وَحُبِّ الْمَالِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بوڑھا آدمی دو چیزوں کی محبت پر جوان ہوتا ہے: زندگی کی محبت پر اور مال کی محبت پر۔

6230 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ الْغِنَى عَنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلَكِنَّ الْغِنَى غِنَى النَّفْسِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مال دار وہ نہیں ہے جو زیادہ سامان والا ہو، مال دار وہ ہے جو دل کا غنی ہو۔

6231 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: يَا ابْنَ آدَمَ أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ وَقَالَ: يَمِينُ اللّٰهِ مَلْأَى سَحَّاءُ لَا يَغِيضُهَا شَيْءٌ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے: اے ابن آدم! خرچ کر تا کہ تجھ پر خرچ کیا جائے۔ اللہ عزوجل کا دائیں ہاتھ جیسے اس کی شان کے لائق ہے وہ سخاوت سے بھرا ہوا ہے۔ دن اور رات خرچ کرنے سے اس کے خزانہ میں کوئی شے کم نہیں ہوگی۔

6232 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا نَظَرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم ایسے آدمی کو دیکھو جو تم سے مال جسم میں زیادہ ہے تو اپنے سے نیچے والے کو دیکھ لیا کرو جو تم

6229- الحديث سبق برقم: **5963** فراجعه .

6230- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1063** قال: حدثنا سفيان .

6231- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**242** قال: حدثنا سفيان .

6232- أخرجه البخارى جلد**8**صفحه**128** قال: حدثنا اسماعيل' قال: حدثنى مالك .

Marfat.com
Marfat.com

أَحَدُكُمْ إِلَى مَنْ فُضِّلَ عَلَيْهِ فِي الْمَالِ وَالْجِسْمِ، فَلْيَنْظُرْ إِلَى مَنْ دُونَهُ فِي الْمَالِ وَالْجِسْمِ

سے جسم و مال میں کم ہے۔

6233 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُصَلِّي أَحَدُكُمْ فِي الثَّوْبِ الْوَاحِدِ لَيْسَ عَلَى عَاتِقِهِ مِنْهُ شَيْءٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی ایک کپڑے میں نماز نہ پڑھے اس طرح کہ اس کے کندھے پر کوئی شے نہ ہو۔

6234 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُكْلَمُ أَحَدٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، - وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِي سَبِيلِهِ - إِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَجُرْحُهُ يَثْعَبُ دَمًا اللَّوْنُ لَوْنُ دَمٍ، وَالرِّيحُ رِيحُ الْمِسْكِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی راہ میں کوئی بھی زخم لگتا ہے تو اللہ عزوجل زیادہ جانتا ہے جو اس کو اس کی راہ میں زخم لگا ہے جب قیامت کے دن آئے گا اس کے جسم سے خون بہہ رہا ہوگا اس کا رنگ خون کا رنگ ہوگا۔ اس کی خوشبو مشک خوشبو کی طرح ہوگی۔

6235 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي هَذَا الشَّأْنِ مُسْلِمُهُمْ تَبَعٌ لِمُسْلِمِهِمْ، وَكَافِرُهُمْ تَبَعٌ لِكَافِرِهِمْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ اس معاملہ میں قریش کے تابع ہیں ان کے مسلمان ان کے مسلمانوں کے تابع ہیں ان کے کافر ان کے کافروں کے تابع ہیں۔

6236 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَجِدُونَ مِنْ شَرِّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں میں سے سب سے بدترین اس کو پاؤ گے جو دو چہروں والا ہو اِدھر کی باتیں اُدھر اور اُدھر کی

6233- أخرجه الحميدى رقم الحديث:**964** قال: حدثنا سفيان .

6234- أخرجه الحميدى رقم الحديث:**1092** قال: حدثنا سفيان' عن أبى الزناد .

6235- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**319** . ومسلم جلد**6**صفحه**2** قال: حدثنا محمد بن رافع .

6236- الحديث سبق برقم:**6044** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

النَّاسِ ذَا الْوَجْهَيْنِ الَّذِي يَأْتِي هَؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهَؤُلَاءِ بِوَجْهٍ

باتیں اِدھر کرنے والا۔

6237 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رِوَايَةً: إِذَا أَصْبَحَ أَحَدُكُمْ صَائِمًا فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَجْهَلْ، فَإِنِ امْرُؤٌ شَاتَمَهُ أَوْ قَاتَلَهُ، فَلْيَقُلْ إِنِّي صَائِمٌ إِنِّي صَائِمٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی صبح کرے، روزہ کی حالت میں وہ جماع اور جہالت کی گفتگو نہ کرے اگر اس کو کوئی آدمی گالی دے یا مارے وہ کہہ دے کہ میں روزہ کی حالت میں ہوں' میں روزے سے ہوں۔

6238 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رِوَايَةً قَالَ: لَا تَلَقَّوُا الرُّكْبَانَ لِلْبَيْعِ، وَلَا تُصَرُّوا الْإِبِلَ وَالْغَنَمَ، فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذَلِكَ، فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ: إِنْ شَاءَ أَنْ يُمْسِكَهَا، وَإِنْ شَاءَ أَنْ يَرُدَّهَا بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ لَا سَمْرَاءَ قَالَ أَبُو خَيْثَمَةَ: يَعْنِي الْحِنْطَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ باہر سے آنے والے قافلے کو آگے جا کر مت ملو تا کہ ان کا مال خرید سکو اور اونٹوں اور بھیڑ بکریوں کا دودھ روک کر مت رکھو (بیچنے کیلئے) پس اس کے بعد جس نے خریدا تو اسے اختیار ہے' اگر چاہے تو اسے اپنے لیے رکھ لے اور اگر چاہے تو واپس کر دے اور ایک صاع (ساڑھے چار کلو) کھجوریں بھی ساتھ دے' گندم نہیں دے سکتا۔ حضرت ابوخیثمہ نے سمراء کا معنی ''حنطہ'' یعنی گندم بتایا ہے۔

6239 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ: أَلَا رَجُلٌ يَمْنَحُ أَهْلَ بَيْتِ النَّاقَةَ يَغْدُو بِعَشَاءٍ وَيَرُوحُ بِعَشَاءٍ، إِنَّ أَجْرَهَا لَعَظِيمٌ، قَالَ أَبُو خَيْثَمَةَ: لَوْ قَالَ بِعِسَاسٍ كَانَ أَجْوَدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: (ان کو خبر پہنچی ہے) خبردار! وہ آدمی جو کسی گھر والوں کو (دودھ والی) اونٹنی دیتا ہے' وہ صبح شام دودھ کا بڑا پیالہ لیتا ہے' بے شک اس اونٹنی کا اجر بہت بڑا ہے۔ حضرت ابوخیثمہ نے فرمایا: راوی اگر ''عشا'' کی بجائے ''عِسَاس'' کا لفظ استعمال کرتے تو عمدہ تھا۔

6237- أخرجه مسلم رقم الحديث: **1151** من طريق زهير بن حرب بهذا السند .

6238- الحديث سبق برقم: **6039,6023** فراجعه .

6239- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **1061** قال: حدثنا سفيان .

Marfat.com
Marfat.com

6240 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَحْنُ الْآخِرُونَ السَّابِقُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَيْدَ أَنَّ كُلَّ أُمَّةٍ أُوتِيَتِ الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا، وَأُوتِينَاهُ مِنْ بَعْدِهِمْ ثُمَّ هَذَا الْيَوْمَ الَّذِي كَتَبَهُ اللَّهُ عَلَيْنَا، هَدَانَا اللَّهُ لَهُ، فَالنَّاسُ لَنَا فِيهِ تَبَعٌ: الْيَهُودُ غَدًا، وَالنَّصَارَى بَعْدَ غَدٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم آنے میں سب سے پیچھے آنے والے ہیں لیکن قیامت کے دن سب سے آگے ہوں گے سوائے اس کے کہ ہر اُمت کو اس کا نامۂ اعمال ہم سے پہلے دیا گیا اور ہمیں وہ ان کے بعد دیا گیا' پھر یہ دن جو اللہ تعالیٰ نے ہم پر لکھ دیا' اللہ تعالیٰ نے اس کیلئے ہماری راہنمائی فرمائی' پس لوگ اس میں ہمارے تابع ہیں' یہودی آنے والے کل اور عیسائی پرسوں۔

6241 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَأَمَرْتُهُمْ بِتَأْخِيرِ الْعِشَاءِ وَلَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلَاةٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر مجھے اپنی امت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو ضرور نماز عشاء تاخیر سے پڑھنے کا حکم دیتا اور ہر نماز کے لیے مسواک کا حکم دیتا۔

6242 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ قَالَ: تَقُومُ السَّاعَةُ وَالرَّجُلُ يَحْلُبُ اللِّقْحَةَ فَمَا يَصِلُ الْإِنَاءُ إِلَى فِيهِ حَتَّى تَقُومَ، وَالرَّجُلَانِ يَتَبَايَعَانِ الثَّوْبَ فَمَا يَتَبَايَعَانِهِ حَتَّى تَقُومَ، وَالرَّجُلُ يَلِطُ فِي حَوْضِهِ فَمَا يَصْدُرُ حَتَّى تَقُومَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت جب آئے گی اس کا منظر اس طرح ہو گا کہ ایک آدمی نے دودھ پیالہ میں ڈال کر اپنے منہ تک سے لگایا ہو گا تو قیامت آجائے گی، دو آدمی کپڑا خرید رہے ہوں گے وہ ابھی معاملہ طے کر رہے ہیں گے کہ قیامت آجائے گی، آدمی حوض پر پانی لینے گیا ہو گا وہ ابھی کھینچے گا نہیں تو قیامت آجائے گی۔

6243 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

6240- الحديث سبق برقم: **6188** فراجعه .

6241- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **965** قال: حدثنا سفيان .

6242- أخرجه البخارى جلد**9**صفحه**74** قال: حدثنا أبو اليمان .

6243- الحديث سبق برقم: **6240** فراجعه .

Marfat.com
Marfat.com

عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ، وَمَنْ أَطَاعَ أَمِيرِي فَقَدْ أَطَاعَنِي

نے فرمایا: جس نے میری اطاعت کی بے شک اس نے اللہ کی اطاعت کی' جس نے وقت کے بادشاہ کی (بشرطیکہ وہ دینِ اسلام کے مطابق چلنے والا ہو) اطاعت کی' بے شک اس نے میری اطاعت کی۔

6244 - وَبِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَصُمِ الْمَرْأَةُ يَوْمًا سِوَى رَمَضَانَ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی عورت رمضان کے علاوہ روزہ نہ رکھے۔ جب اس کا شوہر موجود ہو مگر اس کی اجازت کے ساتھ۔

6245 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ قَالَ: إِذَا ضَرَبَ أَحَدُكُمْ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کسی کو مارو تو چہرے پر مارنے سے بچو۔

6246 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ قَالَ: طَعَامُ الِاثْنَيْنِ كَافِي الثَّلَاثَةِ، وَطَعَامُ الثَّلَاثَةِ كَافِ الْأَرْبَعَةَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو آدمیوں کا کھانا تین کے لیے کافی ہوتا ہے، تین کا کھانا چار کے لیے کافی ہوتا ہے۔ (جبکہ اکٹھے بیٹھ کر کھائیں)

6247 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ: أَعْدَدْتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ، مَا لَا عَيْنٌ رَأَتْ، وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلَى قَلْبِ بَشَرٍ ، مِصْدَاقُ ذَلِكَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ: (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا أُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ أَعْيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (السجدة:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے وہ تیار کر کے رکھا ہوا ہے جو کسی آنکھ نے نہ دیکھا نہ کسی کان نے سنا نہ ہی کسی کے دل میں بات آئی اس کے متعلق۔ اس کی تصدیق قرآن پاک میں ہے: ''فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ الٰی آخرہٖ''۔

6244- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1016** قال: حدثنا سفيان .

6245- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1121** قال: حدثنا سفيان .

6246- أخرجه أحمد جلد**2**صفحه**244** قال: حدثنا سفيان .

6247- أخرجه البخارى جلد**4**صفحه**143** قال: حدثنا الحميدى . قال: حدثنا سفيان .

Marfat.com
Marfat.com

(17

6248 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رِوَايَةً قَالَ: لِلَّهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ اسْمًا مِائَةٌ غَيْرَ وَاحِدٍ مَنْ حَفِظَهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَهُوَ وِتْرٌ يُحِبُّ الْوِتْرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل کے ننانوے نام ہیں۔ جس نے ان کو یاد کرلیا وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔ اللہ عزوجل اکیلا طاق ہے اور طاق کو پسند کرتا ہے۔

6249 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَعْقِدُ الشَّيْطَانُ عَلَى قَافِيَةِ رَأْسِ أَحَدِكُمْ ثَلَاثَ عُقَدٍ، فَإِذَا اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللَّهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَإِذَا تَوَضَّأَ انْحَلَّتْ عُقْدَتَانِ، فَإِذَا صَلَّى انْحَلَّتِ الْعُقَدُ، وَإِلَّا أَصْبَحَ خَبِيثَ النَّفْسِ كَسْلَانَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان تم میں سے ہر ایک کی گدی پر گرہ لگا دیتا ہے تین۔ جب وہ آدمی اٹھتا ہے اور اللہ کا ذکر کرتا ہے، ایک گرہ کھل جاتی ہے جب وضو کرتا ہے تو دوسری کھل جاتی ہے جب نماز پڑھتا ہے تو تیسری کھل جاتی ہے۔ اگر یہ نہ کرے تو صبح کرتا ہے خبیث نفس کے ساتھ سستی کی حالت میں۔

6250 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُوذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، عُوذُوا بِاللَّهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، عُوذُوا بِاللَّهِ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عذاب قبر سے اللہ کی پناہ مانگو، مسیح دجال کے فتنہ سے پناہ مانگو زندگی اور موت کے فتنہ سے پناہ مانگو۔

6251 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا دُعِيَ أَحَدُكُمْ إِلَى طَعَامٍ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ إِنِّي صَائِمٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو کھانے کی دعوت دی جائے اس حالت میں کہ وہ روزے کی حالت میں ہو پس اسے چاہیے کہ وہ کہہ دے: میں روزے سے ہوں۔

6248- أخرجه مسلم جلد**8**صفحه**63** قال: حدثنا عمرو الناقد وزُهير بن حرب وابن أبي عُمر .

6249- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **1306** قال: حدثنا عبد الله بن مسلمة' عن مالك .

6250- أخرجه مسلم جلد**2**صفحه**94** قال: حدثنا محمد بن عباد وأبو بكر بن أبي شيبة وزُهير بن حرب .

6251- سبق تخريجه راجع الفهرس .

Marfat.com
Marfat.com

6252 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللَّهُ: سَبَقَتْ رَحْمَتِي غَضَبِي

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے میری رحمت میرے غصہ پر سبقت لے گئی ہے۔

6253 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللَّهُ: إِنْ هَمَّ عَبْدِي بِحَسَنَةٍ فَاكْتُبُوهَا لَهُ حَسَنَةً، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوهَا بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، فَإِنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَا تَكْتُبُوهَا، فَإِنْ عَمِلَهَا فَاكْتُبُوهَا سَيِّئَةً، وَإِنْ تَرَكَهَا فَاكْتُبُوهَا حَسَنَةً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل فرماتا ہے۔ اگر میرا بندہ اگر نیکی کا ارادہ کرے اس کو لکھ لو۔ اگر وہ نیکی کرے تو دس گنا زیادہ لکھ دو۔ اگر برائی کا ارادہ کرے اس کو نہ لکھو اگر کرے تو صرف ایک برائی لکھو اگر چھوڑ دے اس کی ایک نیکی لکھو۔

6254 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَطْلُ ظُلْمٌ الْغَنِيِّ، وَإِذَا أُحِيلَ أَحَدُكُمْ عَلَى مَلِيءٍ فَلْيَتَّبِعْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مال دار ہونے کے باوجود قرض ادا کرنے میں دیر کرے تو وہ ظالم ہے' جب وہ تم میں سے کسی سے وہ احالہ (یعنی مال منتقل) کرے' کسی گروہ کے سامنے تو تمہارے بھائی کو اتباع کرنی چاہیے (اسے قبول کر لینا چاہیے)۔

6255 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے

6252- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **242** قال: حدثنا سفيان . وفي جلد **2** صفحه **257** قال: حدثنا يزيد . قال: أخبرنا محمد .

6253- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **242** قال: حدثنا سفيان . والبخاري جلد **9** صفحه **177** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد . قال: حدثنا ابن عبد الرحمٰن .

6254- أخرجه أحمد جلد **2** صفحه **260** قال: حدثنا عبد الأعلى . وفي جلد **2** صفحه **315** قال: حدثنا عبد الرزاق بن همام . والبخاري جلد **3** صفحه **155** قال: حدثنا مسدد . قال: حدثنا عبد الأعلى .

6255- سبق تخريجه راجع الفهرس .

Marfat.com
Marfat.com

الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَدْرَكَ سَجْدَةً مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ وَمِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ أَوْ قَبْلَ أَنْ تَغْرُبَ فَقَدْ أَدْرَكَ الصَّلَاةَ

حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے عصر کی نماز کے وقت ایک سجدہ کرنے کی مقدار وقت پالیا بے شک اُس نے عصر کی نماز کا وقت پالیا' جس نے صبح کی نماز کا وقت سورج طلوع ہونے سے پہلے پالیا اُس نے نماز کو پالیا۔

6256 - حَدَّثَنَا بِشْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُمْنَعُ فَضْلُ الْمَاءِ لِيُمْنَعَ بِهِ الْكَلَأُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کوئی بچے ہوئے پانی سے نہ روکے تا کہ اس کے ساتھ گھاس اگ جائے۔

